Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. Eligibility of Bidders: Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 3,500,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Blacklisting on Rs.100 stampaper JV on Rs.500 Stamper and also attested CDR 3% AND 3000 CHALLAN Procedure Of Procurement: Single Stage Two Envelope Bidding Procedure Bid Security: The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee, Deposit at Call of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. Tender Documents: The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 3,000 PKR Issuance of tender Documents: From the date of publication of NIT to 23 June, 2026during office hours on working days Last Date of bid submission: The Tenders must be submitted latest by 23 June, 2026till 09:00 AM. Tender opening: All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 10:00 AM Address: Chief Officer Municipal Committee Harnai

Phone no: 0083352017 Fax no: 0 Email: Nil@gmail.com

Chief Officer Municipal Committee Harnai

AB No.1419/08-6-2026

اشتہار شورو غوغا

تفتیشی آفیسر SCIW کوئٹہ

PRQ No5467/08-06-2026

www.dpr.gob.pk | @dpr_gob | dpr.gob | @dgpr.balochistan

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو۔ پرنٹر و پبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن ہالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد

ٹیلی فون نمبرز:۔ 2829164-2821538-2821626 فیکس نمبرز:۔ 2830228-2835934

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

منگل 9 جون 2026ء

بجٹ سے جڑے مباحثے۔ حکومتی ترجیحات اور عوامی توقعات !!

جون کا دوسرا مہینہ شروع ہو چکا ہے اور چونکہ جون ہمارے ہاں رواں مالی سال کا آخری مہینہ ہوتا ہے، اس لئے مئی، جون اور جولائی کے مہینوں میں رواں اور نئے مالی سال کے بجٹ کو لے کر بحث مباحثوں، تجزیوں اور تبصروں کا بازار گرم رہتا ہے۔ سیاسی حلقوں سے لے کر کاروباری مراکز تک، پارلیمنٹ کے ایوانوں سے لے کر عام شہریوں کی بیٹھکوں تک، ہر جگہ بجٹ کے ممکنہ خدوخال زیر بحث رہتے ہیں۔ ماہرین معاشیات اپنے اندازے پیش کرتے ہیں، صنعتکار اپنی توقعات کا اظہار کرتے ہیں، ملازمین تنخواہوں اور مراعات میں اضافے کی امید باندھتے ہیں جبکہ عام آدمی روزمرہ اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں کمی اور معاشی آسانیوں کا منتظر رہتا ہے۔ یوں بجٹ محض آمدن و اخراجات کا سرکاری گوشوارہ نہیں بلکہ ایک ایسا قومی دستاویز بن جاتا ہے جس سے ملک کے ہر طبقے کے مفادات اور توقعات وابستہ ہوتی ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں موجودہ وفاقی حکومت نے ایسے وقت میں عنانِ اقتدار سنبھالی جب ملکی معیشت کو متعدد داخلی اور خارجی چیلنجز کا سامنا تھا۔ زرمبادلہ کے ذخائر دباؤ کا شکار تھے، مہنگائی کی شرح بلند سطح پر موجود تھی، سرمایہ کاری کی رفتار سست پڑ چکی تھی اور عوام معاشی مشکلات سے دوچار تھے۔ ان حالات میں حکومت کے لئے معاشی استحکام کا حصول ایک بڑا امتحان ثابت ہوا۔ اگرچہ مسلم لیگ (ن) حکمران جماعت ہے، تاہم شنید میں ہے کہ دوسری بڑی اتحادی جماعت پیپلز پارٹی کے ساتھ بجٹ کے بعض معاملات پر ڈیڈ لاک موجود ہے۔ یہ اطلاعات کس حد تک درست ہیں، اس کا فیصلہ آنے والے دنوں میں ہو جائے گا، تاہم اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ بجٹ سازی کے مرحلے میں مختلف سیاسی جماعتوں اور اتحادیوں کے درمیان مشاورت اور اختلاف رائے ایک فطری عمل ہے۔ عوام کی نظریں اس وقت آنے والے بجٹ پر مرکوز ہیں کیونکہ بجٹ صرف حکومت کی معاشی پالیسیوں کا آئینہ دار نہیں ہوتا بلکہ عوام کی امیدیں، توقعات اور خدشات بھی اس کے ساتھ جڑے ہوتے ہیں۔ ہر شہری یہ جاننا چاہتا ہے کہ آیا اس کے لئے زندگی آسان ہوگی یا مزید مشکل۔ تنخواہ دار طبقہ ٹیکسوں میں ممکنہ تبدیلیوں کا منتظر ہے، کاروباری برادری سرمایہ کاری اور کاروبار کے حوالے سے مراعات کی توقع رکھتی ہے جبکہ کسان، مزدور اور متوسط طبقہ اپنے مسائل کے حل کے لئے بجٹ میں خصوصی اقدامات دیکھنا چاہتے ہیں۔ تازہ ترین اطلاعات کے مطابق وفاقی بجٹ پہلے 10 جون کو پیش کیا جانا تھا، تاہم اب اس تاریخ میں رد و بدل کے امکانات ظاہر کئے جا رہے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بجٹ 10 جون کے بجائے 12 جون کو پیش کئے جانے کے حوالے سے مشاورت جاری ہے۔ اگر ایسا ہوتا ہے تو اسے بجٹ سازی کے عمل کو مزید جامع اور متوازن بنانے کی ایک کوشش قرار دیا جا سکتا ہے۔ حکومت کو اس وقت جن معاشی حالات کا سامنا ہے، وہ کسی سے پوشیدہ نہیں۔ عالمی سطح پر معاشی سست روی اور کساد بازاری کے اثرات اب بھی مختلف ممالک کی معیشتوں پر مرتب ہو رہے ہیں۔ پاکستان بھی ان اثرات سے مکمل طور پر محفوظ نہیں رہا۔ اس کے ساتھ ساتھ قومی آمدن اور اخراجات کے درمیان غیر معمولی فرق، قرضوں کی ادائیگیاں، مالیاتی خسارہ، توانائی کے شعبے کے مسائل اور بڑھتی ہوئی آبادی کی ضروریات حکومت کے سامنے بڑے چیلنجز کے طور پر موجود ہیں۔ ایسے حالات میں بجٹ سازی کا عمل مزید پیچیدہ ہو جاتا ہے کیونکہ ایک طرف حکومت کو مالیاتی نظم وضبط برقرار رکھنا ہوتا ہے جبکہ دوسری طرف عوام کو ریلیف فراہم کرنے کی ذمہ داری بھی اس کے کندھوں پر ہوتی ہے۔ عام آدمی کی سب سے بڑی خواہش یہی ہے کہ مہنگائی میں کمی آئے، روزگار کے مواقع بڑھیں اور بنیادی ضروریات زندگی تک رسائی آسان ہو۔ گزشتہ چند برسوں میں اشیائے خورد و نوش، بجلی، گیس، پٹرولیم مصنوعات اور دیگر ضروری خدمات کی قیمتوں میں اضافے نے عوام کی قوت خرید کو متاثر کیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بجٹ کے قریب آتے ہی عوامی توقعات میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ لوگ یہ امید رکھتے ہیں کہ حکومت ان کے معاشی مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے ایسے اقدامات کرے گی جو ان کے لئے حقیقی آسانی کا باعث بن سکیں۔ خوش آئند امر یہ ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف گزشتہ دنوں ملک کے معروف صنعتکاروں پر مشتمل ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کر چکے ہیں کہ بجٹ میں عام آدمی کو ریلیف دینا حکومت کی اولین ترجیح ہوگی۔ وزیراعظم کے اس بیان کو عوامی حلقوں میں مثبت انداز سے دیکھا گیا ہے کیونکہ موجودہ معاشی حالات میں سب سے زیادہ ضرورت اسی بات کی ہے کہ پالیسی سازی کے مرکز میں عام شہری کی فلاح کو رکھا جائے۔ وزیراعظم نے اس موقع پر یہ بھی کہا کہ غیر رسمی معیشت کو ٹیکس نیٹ میں لانے کے لئے اقدامات کئے جا رہے ہیں اور بجٹ میں عوام کو ریلیف دینے کے لئے مختلف تجاویز شامل کی جا رہی ہیں۔ حکومت کا یہ موقف بھی اہمیت کا حامل ہے کہ کاروبار دوست پالیسیوں کی بدولت ملکی معیشت میں استحکام آیا ہے اور بیرونی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہوا ہے۔ اگر واقعی سرمایہ کاری کے ماحول میں بہتری آئی ہے تو یہ ایک مثبت پیش رفت ہے کیونکہ کسی بھی ملک کی معاشی ترقی کا دارومدار سرمایہ کاری، صنعتی پیداوار اور برآمدات کے فروغ پر ہوتا ہے۔ یہ امر بھی حوصلہ افزا ہے کہ حکومت ایسی صنعتوں کے فروغ کے لئے کوشاں ہے جن سے ملکی پیداوار میں اضافہ ہو، برآمدات بڑھیں اور روزگار کے زیادہ سے زیادہ مواقع پیدا ہوں۔ اگر یہ اہداف موثر حکمت عملی اور ٹھوس اقدامات کے ذریعے حاصل کئے جاتے ہیں تو اس کے نتائج نہ صرف قومی معیشت بلکہ عام شہری کی زندگی پر بھی مثبت انداز میں مرتب ہو سکتے ہیں۔ تاہم بجٹ کی کامیابی کا اصل معیار محض اعلانات یا دعوے نہیں بلکہ ان پر عملدرآمد اور ان کے عملی نتائج ہوتے ہیں۔ ماضی میں بھی مختلف حکومتوں نے عوامی فلاح، معاشی استحکام اور ترقی کے متعدد منصوبوں کا اعلان کیا، لیکن بعض اوقات مطلوبہ نتائج حاصل نہ ہو سکے۔ اس لئے ضروری ہے کہ آنے والے بجٹ میں جو بھی اقدامات تجویز کئے جائیں، ان کے لئے واضح حکمت عملی، موثر نگرانی اور شفاف عملدرآمد کے نظام کو یقینی بنایا جائے۔ حکومت کے لئے یہ بجٹ ایک اہم امتحان کی حیثیت رکھتا ہے۔ ایک طرف بین الاقوامی مالیاتی اداروں کی شرائط، مالیاتی نظم وضبط اور معاشی استحکام کی ضروریات ہیں جبکہ دوسری جانب عوام کی بڑھتی ہوئی توقعات اور مشکلات ہیں۔ ان دونوں کے درمیان توازن قائم کرنا یقیناً آسان کام نہیں، مگر کامیاب حکمرانی کا تقاضا یہی ہے کہ قومی مفاد اور عوامی فلاح کو یکجا کرتے ہوئے متوازن فیصلے کئے جائیں۔ اگر حکومت واقعی عام آدمی کو ریلیف دینے، معیشت کو دستاویزی شکل دینے، سرمایہ کاری بڑھانے اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں کامیاب ہو جاتی ہے تو یہ بجٹ نہ صرف موجودہ حکومت بلکہ پورے ملک کے لئے ایک مثبت موڑ ثابت ہوگا۔

محض ایک رسم میں تبدیل ہوتا گلگت بلتستان کا انتخابی عمل

برملا — نصرت جاوید

پاکستان۔انڈیا تعلقات: دباؤ کی پالیسی ناکام، مکالمہ ناگزیر

دعوت فکر — آصف درانی

حکومت کی ایک اور ناقص ٹیکس اسکیم

تاثرات — سید عابد علی

سیکورٹی معاملات پر بھی نظر رکھی جائے

اظہار خیال — ایاز امیر



گلوبل وارمنگ، خطرے سے آگے نئے مسائل

زاویہ نظر — ملیحہ سید

سائیکل کی یاد میں ایک کالم

اظہار خیال — عمران یعقوب خان

”غریبوں کے پانچ ہزار......“

شہر یاراں — نجم ولی خان

یہ شور بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام پر مچایا جا رہا ہے جس کے تحت انتہائی غریب خاندانوں کو ہر تین ماہ کے بعد ساڑھے چودہ ہزار روپے کی امداد ملتی ہے یعنی ہر مہینے پانچ ہزار روپوں سے سو دو سو روپے کم۔ سوشل میڈیائی دانشوروں کا کہنا ہے کہ اس رقم سے قوم کو بھکاری بنایا جا رہا ہے اور ہم اس

کے بارے میں ہے وہ بطور خلیفہ ایک نابینا عورت کے گھر جاتے تھے اور اس کی ضروریات پوری

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆۔۔اورراننگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے علاوہ شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆۔۔2فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقیہ غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مشتہر دوبارہ شائع سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆۔۔غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆۔۔اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

اطلاع عام
پلاٹ نمبر TA(ST)-03 رقبہ 120 فٹ واقع ترک اڈہ سیٹلائٹ ٹاؤن کوئٹہ اس وقت عبداللہ ولد عبدالمنان کے نام پر ہے ٹرانسفر عبدالغنی ولد عبداللہ کے نام کرنا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں پندرہ یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں
R.No..............63234

اطلاع عام
پلاٹ نمبر TA(ST)-04 رقبہ 120 فٹ واقع ترک اڈہ سیٹلائٹ ٹاؤن کوئٹہ اس وقت عبداللہ ولد عبدالمنان کے نام پر ہے ٹرانسفر عبدالغنی ولد عبداللہ کے نام کرنا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں پندرہ یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں
R.No..............63234

گمشدگی کاغذات
میری جی ایل آئی کار رجسٹریشن نمبر AD900 چیسز نمبر Z017763 انجن نمبر NZE140140 بنام عبدالرحیم ولد عبدالحق کے کاغذات کہیں گم ہو گئے ہیں ملنے پر فون نمبر 03337752772 پر اطلاع کریں
نمائندہ لورالائی ....

اظہار لاتعلقی
یہ کہ میں اپنے بیٹے نجیب اللہ ولد درانی خان قومی شناختی کارڈ 5420307230917 سے بوجہ نافرمانی اپنی منقولہ و غیر منقولہ جائیداد کاروبار سے اظہار لاتعلقی کرتا ہوں لہذا جو کوئی بھی شخص ادارہ وغیرہ اس سے لین دین تعلق واسطہ رکھے گا وہ اپنے نفع و نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا میرا اور میرے خاندان کا نجیب اللہ سے کوئی تعلق واسطہ نہیں ہوگا المشتہر درانی خان ولد محمد خان
چمن ADVT ....

گمشدگی بک
فیلڈر 2002 ماڈل گاڑی نمبر AZR239 کی بک کہیں گم ہوگئی ہے ملنے پر موبائل نمبر 03063849778 پر مطلع کریں
نمائندہ میڑی اڈہ ....

تلاش گمشدہ
میرا شناختی کارڈ نمبر 5420394470729 اور لائسنس نمبر 192000229 بنام عبدالرافع ولد عبدالواسع کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر برائے مہربانی فرما کر قریبی پولیس تھانہ پہنچا دیں
نمائندہ میڑی اڈہ ....

دکان نمبر A-282 رقبہ 338 مربع فٹ واقع ترک اڈہ ہزار گنجی امان اللہ ولد جمعہ خان کے نام پر ہے کی ٹرانسفر سراج احمد ولد حاجی محمد سلیمان کے نام کروانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں 7 یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں
QDA ....

سیکرٹری تعلیم بلوچستان کا گورنمنٹ مڈل اسکول فیروز آباد کا دورہ

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں موجودہ مخلوط حکومت تعلیم کے فروغ کے لئے خصوصی اقدامات اٹھا رہی ہے جنہیں دیکھتے ہوئے ہم وثوق سے کہہ سکتے ہیں کہ اگر تعلیمی شعبے

رپورٹ: طاہر قیوم

میں جدت، بہتری اور اصلاحات کا یہ تسلسل برقرار رہا تو بلوچستان کی تعلیمی پسماندگی کا خاتمہ جلد سے جلد ممکن ہوگا۔ گزشتہ روز وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایات اور وژن برائے فروغ تعلیم کے تحت سیکرٹری تعلیم بلوچستان لال جان جعفر نے گورنمنٹ مڈل اسکول فیروز آباد کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نصیر احمد شاہ، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن شیر احمد سالانی، اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر مقصود سالانی اور اسکول انچارج آغا صادق شاہ بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ دورے کا بنیادی مقصد اسکول میں زیر تعمیر نئے کمروں کا معائنہ، تعلیمی سہولیات کا جائزہ لینا اور اسکول کو درپیش مسائل کا براہ راست مشاہدہ کرنا تھا۔ سیکرٹری تعلیم نے زیر تعمیر کمروں کا تفصیلی معائنہ کیا اور متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تعمیراتی کام کو جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ طلبہ کو بہتر اور سازگار تعلیمی ماحول فراہم کیا جا سکے۔ اس وقت زیر تعمیر کمروں کی وجہ سے اسکول کے تمام طلبہ صرف چھ کمروں میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں، جس کے باعث اساتذہ اور طلبہ کو مشکلات کا سامنا ہے۔ سیکرٹری تعلیم نے اس صورتحال کا نوٹس لیتے ہوئے فوری اقدامات اور تعمیراتی کام کی بروقت تکمیل کی ہدایت کی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ نئے کمروں کی تکمیل کے بعد تمام طلبہ کو مناسب ڈیسک اور نشستیں فراہم کی جائیں گی، جس سے تدریسی ماحول میں نمایاں بہتری آئے گی۔ دورے کے دوران علاقے میں ہائی اسکول کی عدم موجودگی کا مسئلہ بھی زیر بحث آیا۔ سیکرٹری تعلیم بلوچستان نے اسکول کی اپ گریڈیشن کی ضرورت سے اتفاق کرتے ہوئے کہا کہ گورنمنٹ مڈل اسکول فیروز آباد کو مستقبل میں ہائی اسکول کا درجہ دینے کے امکانات کا جائزہ لیا جائے گا تاکہ طلبہ بالخصوص مڈل کے بعد تعلیم چھوڑنے پر مجبور نہ ہوں اور انہیں مقامی سطح پر معیاری تعلیم کے مواقع میسر آئیں۔ آخر میں سیکرٹری تعلیم بلوچستان نے اسکول انتظامیہ اور ضلعی تعلیمی حکام کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے تعلیم کے فروغ اور سہولیات کی بہتری کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی

خراب ٹرانسفارمر کا نوٹس، مرمت کروا کر دوبارہ نصب

کوہلو (آن لائن) ایکسین پبلک ہیلتھ انجینئرنگ حاجی نیاز بلوچ نے کریٹیش پلانٹ واٹر سپلائی بورڈ کے خراب ٹرانسفارمر کا فوری نوٹس لیتے ہوئے اسے مرمت کروا کر دوبارہ نصب کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے ضلع کوہلو میں کریٹیش پلانٹ واٹر سپلائی بورڈ کا ٹرانسفارمر خراب ہونے کے باعث تنو گلی اور گرد و نواح کے علاقوں میں پانی کی فراہمی متاثر ہو گئی تھی۔ عوامی حلقوں کی جانب سے شکایات موصول ہونے پر ایکسین پبلک ہیلتھ انجینئرنگ حاجی نیاز بلوچ نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ٹرانسفارمر کی مرمت کا عمل مکمل کروا کر اسے دوبارہ فعال بنا دیا۔ ذرائع کے مطابق حاجی نیاز بلوچ نے حج کی ادائیگی کے بعد واپس آتے ہی عوامی مسائل کو ترجیح دیتے ہوئے متعلقہ عملے کو ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کی ہدایت جاری کیں۔ انہوں نے محکمے کے حکام کو آج شام تک تنو گلی اور ملحقہ علاقوں میں پانی کی سپلائی مکمل طور پر بحال کرنے کے احکامات بھی جاری کر دیے ہیں۔ عوامی و سماجی حلقوں نے بروقت نوٹس لینے اور پانی کی فراہمی بحال کرنے کے اقدامات پر ایکسین پبلک ہیلتھ انجینئرنگ حاجی نیاز بلوچ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ آئندہ بھی عوامی مسائل کے حل کے لیے ایسے ہی فوری اقدامات کیے جائیں گے۔

جاری ترقیاتی منصوبے عوام کے وسیع تر مفاد میں ہیں، خالد خان

ان منصوبوں کی تکمیل سے نہ صرف بنیادی سہولیات میں بہتری آئے گی

عوام کو روزمرہ زندگی میں درپیش مسائل کے حل میں بھی مدد ملے گی، خطاب

جعفرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں مختلف محکموں کے ضلعی سربراہان، قانون نافذ کرنے والے اور دیگر تکنیکی اداروں کے نمائندگان سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران بلوچستان اسپیشل ڈیولپمنٹ انیشیٹو (BSDI) کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں، ان کی پیش رفت، معیار، درپیش مسائل اور آئندہ کے لائحہ عمل کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ افسران نے جاری منصوبوں پر بریفنگ دیتے ہوئے اب تک ہونے والی پیش رفت اور مستقبل کے اہداف سے آگاہ کیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان نے کہا کہ بی ایس ڈی آئی کے تحت جاری ترقیاتی منصوبے عوام کے وسیع تر مفاد اور علاقے کی پائیدار ترقی کے لیے انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔ ان منصوبوں کی تکمیل سے نہ صرف بنیادی سہولیات میں بہتری آئے گی بلکہ عوام کو روزمرہ زندگی میں درپیش مسائل کے حل میں بھی مدد ملے گی۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ جاری منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے ساتھ ساتھ آئندہ ترقیاتی منصوبوں کو بھی اسی تسلسل اور منصوبہ بندی کے ساتھ آگے بڑھایا جائے گا تاکہ ضلع جعفرآباد میں ترقی کا سفر مزید تیز ہو اور عوام کو بہتر انفراسٹرکچر، بنیادی سہولیات اور خوشحالی کے مواقع میسر آسکیں۔ اجلاس کے اختتام پر مختلف منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات جاری کی گئیں اور اس امر پر زور دیا گیا کہ تمام ادارے باہمی رابطے اور تعاون کے ساتھ کام کرتے ہوئے ترقیاتی اہداف کے حصول کو یقینی بنائیں۔

جعفرآباد، ڈی سی خالد خان منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایس پی آفس سے متصل عمارات میں شمسی توانائی نظام فعال

جھل مگسی (آن لائن) جھل مگسی پولیس اسٹیشن ایس پی آفس، ہیڈکوارٹر آفس کے پولیس کے متصل عمارات شمسی توانائی نظام سے فعال کر دیا گیا ہے۔ علاقہ ممبر وفاقی اسمبلی نوابزادہ خالد حسین مگسی اور ممبر صوبائی اسمبلی نوابزادہ طارق خان مگسی کے فنڈ سے ڈسٹرکٹ پولیس جھل مگسی کے دفاتر شمسی توانائی سے فعال ہو گیا ہے۔ اس منصوبے کو پایہ تکمیل تک پہنچانے میں ڈسٹرکٹ پولیس جھل مگسی کے آفیسران کا کردار بھی قابل ستائش ہے انہوں نے اس پراجیکٹ کو عملی شکل دینے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ خطے میں شدید گرمی اور بجلی کی مسلسل قلت کی وجہ سے بہت سے روز مرہ کے سرکاری امور کے کاموں کو پہلے سنگین چیلنجز کا سامنا تھا۔ اس سولر سسٹم کی تنصیب سے اب بلا تعطل بجلی کی فراہمی تواتر سے جاری ہے جس سے پولیس کی اپنی ذمہ داریاں اور شہریوں کی خدمات پہلے سے بھی زیادہ بہتر اور موثر انداز سرانجام دی جاری ہے۔

شجاعت کھوسہ سے لواحقین گرینڈ الائنس کے وفد کی ملاقات

لواحقین کی بھرتیوں اور ان کو درپیش مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈائریکٹر جنرل کموڈٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ شجاعت علی کھوسہ سے لواحقین گرینڈ الائنس محکمہ خوراک کے وفد نے عطاء اللہ بلوچ، نادر علی اور حسین بخش سوہگی کی قیادت میں ملاقات کی ملاقات کے دوران محکمہ خوراک کے مرحوم ملازمین کے لواحقین کی بھرتیوں اور ان کو درپیش مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد نے لواحقین کی بھرتیوں کے عمل کو جلد مکمل کرنے اور حکومتی احکامات پر مکمل عملدرآمد یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیا اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل کموڈٹی شجاعت علی کھوسہ نے وفد کو یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ عدالتی احکامات اور حکومت بلوچستان کی جانب سے جاری کردہ پالیسی کی روشنی میں صوبائی سیکرٹری کموڈٹی مینجمنٹ کے حکم پر ایک خصوصی کمیٹی تشکیل دے دی گئی ہے کمیٹی لواحقین کے کاغذات، قانونی تقاضوں اور دیگر متعلقہ امور کا جائزہ لیکر اپنی سفارشات مرتب کرے گی جنہیں حتمی منظوری کے لیے صوبائی سیکرٹری کو ارسال کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان لواحقین کے جائز حقوق کے تحفظ کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے اور تمام قانونی و انتظامی مراحل مکمل ہونے کے بعد میرٹ اور قواعد و ضوابط کے مطابق لواحقین کو ان کا حق دیا جائے گا۔

پنجگور، فائرنگ کا تبادلہ، ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) پنجگور پولیس نے فائرنگ کے تبادلے میں ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز پنجگور کے علاقے دوزنآپ کے مقام پر پولیس و ڈکیتی میں ملوث ملزم کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا پولیس نے ایک ملزم کو زخمی کر کے گرفتار کر لیا اور ہسپتال منتقل کر دیا۔

تربت، ڈی سی یاسر اقبال دشتی بجلی کی بہتری کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حکومت کی اولین ترجیح عوامی مسائل کا ازالہ ہے، ایکسن ایریگیشن ہرنائی

زیر تکمیل منصوبوں کی بروقت، شفاف اور اعلیٰ معیاری تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے

تعمیراتی مواد کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، عبدالقادر دومڑ

ہرنائی (خ ن) محکمہ ایریگیشن (آبپاشی) ضلع ہرنائی کے ایکسن عبدالقادر دومڑ نے آج تحصیل کھوسٹ کے مختلف دور دراز علاقوں کا ایک اہم اور تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے وہاں جاری فیلڈ آپریشنز اور عوامی فلاح و بہبود کے مختلف ترقیاتی منصوبوں پر ہونے والے کام کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔ دورے کے دوران سب ڈویژنل ڈیوٹی آفیسر (ایس ڈی او) عصمت اللہ شاہ اور متعلقہ منصوبوں کے ٹھیکیدار حبیب اللہ کاکڑ بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ ایکسن ایریگیشن عبدالقادر دومڑ نے تحصیل کھوسٹ کے مختلف مقامات پر جاری تعمیراتی و ترقیاتی کاموں کی پیش رفت کا معائنہ کرتے ہوئے موقع پر موجود انجینئرز اور فیلڈ اسٹاف کو کام کو مزید پائیدار اور تیز بنانے کے لیے ضروری اور اہم تکنیکی ہدایات جاری کیں۔ میڈیا نمائندوں اور مقامی وفود سے گفتگو کرتے ہوئے ایکسن ایریگیشن عبدالقادر دومڑ کا کہنا تھا کہ "حکومت کی اولین ترجیح عوامی مسائل کا ازالہ اور ترقیاتی منصوبوں کی شفافیت ہے۔" انہوں نے سخت لہجے میں ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ تمام زیر تکمیل منصوبوں کی بروقت، شفاف اور اعلیٰ معیاری تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے تاکہ ان اہم منصوبوں کے ثمرات بلا تاخیر اور براہ راست علاقے کے غریب عوام تک پہنچ سکیں۔ انہوں نے ٹھیکیدار اور متعلقہ عملے کو جاری کاموں کی رفتار تیز کرنے کی تاکید کرتے ہوئے واضح کیا کہ تعمیراتی مواد کے معیار پر کسی قسم کا کوئی سمجھوتہ یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، اور مقررہ وقت کے اندر کام مکمل نہ کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

علاقائی صحافیوں کے ساتھ امتیازی سلوک برداشت نہیں، سید شفقت

سبی (آئی این پی) ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان کے مرکزی صدر سید شفقت حسین گیلانی نے کہا کہ بلوچستان پنجاب سندھ کے پی کے سمیت ملک بھر کے علاقائی صحافی لاوارث نہیں علاقائی صحافیوں کے ساتھ امتیازی سلوک کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا تمام مرکزی و صوبائی عہدیداران اپنے علاقوں کا دورہ کرتے ہوئے علاقائی صحافیوں کو درپیش مسئلہ مسائل کو حل کرنے میں مددگار ثابت ہوں بلوچستان کے موجودہ صورتحال کے پیش نظر ممبر سازی ماہ اگست میں شروع کی جائے تاکہ بلوچستان کے علاقائی صحافیوں کے مسئلہ مسائل و مشکلات کا ازالہ بھی ہو سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مرکزی سیکرٹری جنرل عابد حسین مغل کی قیادت میں ملنے والے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر آر یو جے پاکستان کے سینئر نائب صدر سید طاہر شاہ، مرکزی سیکرٹری اطلاعات شہزاد احمد نقوی صوبائی صدر بلوچستان سید طاہر علی صوبائی جنرل سیکرٹری میر شہباز خان یوسف زئی بھی موجود تھے۔

اوستہ محمد، ایس ایچ او صدر پولیس تھانہ ڈیرہ مراد جمالی انسپکٹر ذوالفقار علی چدرانی گرفتار ملزم کے بارے میں تفصیلات بتا رہے ہیں

عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، ڈی سی قلات

علاقے کو پانی کی فراہمی ٹرانسپورٹرز کے مسائل فوری حل سے متعلق تفصیلی تبادلہ خیال

بحیثیت انتظامی افسر انکے دفتر کے دروازے عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے کھلے ہیں

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلات منیر احمد درانی نے کہا کہ قلات کے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لئے ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں علاقہ معززین ضلعی انتظامیہ سے بھرپور تعاون جاری رکھیں اور مسائل کی فوری نشاندہی کر کے انکے حل کے لیئے اپنا مثبت کردار ادا کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دفتر میں آئے ہوئے عوامی وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا علاقائی عمائدین اور عوامی وفود سے ملاقات میں اراضیات کے تنازعات کے حل علاقے کو پانی کی فراہمی ٹرانسپورٹرز کے مسائل اور انکے فوری حل سے متعلق تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ڈپٹی کمشنر نے عوامی وفود کو یقین دہانی کرائی کہ انتظامیہ انکے مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہے بحیثیت انتظامی افسر انکے دفتر کے دروازے عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے کو کسر اٹھا نہ رکھے گی ڈپٹی کمشنر منیر احمد درانی اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر شاہنواز بلوچ سے قبائلی رہنما آغا زئی جان احمد زئی سردار عبدالکریم بیجاری انجمن تاجران کے صدر میر منیر احمد بیجاری بلوچستان عوامی پارٹی کے ضلعی آرگنائزر سردار زادہ میر منیر بیجاری آغا ظفر جان احمد زئی میر سرفراز بیجاری قلات تو خضدار ٹرانسپورٹرز عبدالقادر شاہوانی میر احمد شاہوانی عطاء محمد شاہوانی سرور محمد حسنی اور دیگر عمائدین پر مشتمل وفود نے ملاقات کی۔

پنجگور، ڈی سی جہانزیب بلوچ مختلف ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کر رہے ہیں

پریس کلب ہرنائی کی صحافی لالا اسرائیل کے قتل کی مذمت

ہرنائی (این این آئی) پریس کلب ہرنائی کے جاری کردہ بیان میں بلوچستان ضلع موسیٰ خیل سے تعلق رکھنے والے صحافی لالا اسرائیل کے قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے آزادی صحافت کا گلا گھونٹنے کی مترادف قرار دیا بلوچستان میں صحافیوں کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنانا اس بات کی دلیل ہے کہ آزادی صحافت یہاں ایک جرم ہے انہوں نے لالا اسرائیل کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ لالا اسرائیل کا قتل نہ صرف صحافتی برادری بلکہ اظہار رائے کی آزادی پر بھی حملہ ہے بیان میں مقتول صحافی کے اہل خانہ اور لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس دکھ کی گھڑی میں ہرنائی پریس کلب کے صحافی برادری ان کے غم میں برابر کے شریک ہیں

ڈاکٹر ماہ نور ناصر پر تیزاب گردی کے واقعہ افسوسناک ہے، سنیل کمار

خاتون ڈاکٹر پر تیزاب پھینکنا انتہائی سفاکانہ، گھناؤنا اور ناقابل معافی جرم ہے

بھاگ (آن لائن) جنرل ہندو پنچایت کوئٹہ کے معتبرین سنیل کمار، روشن لعل، گوردھن گندوانی، سدھیر کمار، وجھن لعل، درشن کمار گلنی، دلیپ کمار کھراٹ، سوبھراج راکھیجا، کیلاش کمار راکھیجا، راجو، سریش کمار، دلیپ کمار تیجنج، نریش کمار اور دیگر معززین نے ڈاکٹر ماہ نور ناصر پر ہونے والے تیزاب گردی کے افسوسناک اور انسانیت سوز واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے گہرے دکھ اور تشویش کا اظہار کیا ہے۔ جاری کردہ مشترکہ بیان میں کہا گیا ہے کہ ایک تعلیم یافتہ اور باعزت خاتون ڈاکٹر پر تیزاب پھینکنا انتہائی سفاکانہ، گھناؤنا اور ناقابل معافی جرم ہے، جو نہ صرف ایک فرد بلکہ پورے معاشرے اور نظام انصاف کے لیے ایک سنگین چیلنج ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ ایسے واقعات بلوچستان جیسے پرامن صوبے کی روایات اور سماجی اقدار کے منافی ہیں نے جرم میں ملوث عناصر کو بلا امتیاز گرفتار کر کے قانون کے مطابق سخت سزا دی جائے۔

پولیو کے خاتمے کو قومی فریضہ سمجھ کر ذمہ داریاں نبھائیں، کمشنر سبی

ہر پولیو مہم کے آغاز سے قبل موثر پری کمپین سرگرمیوں اور ٹارگٹ سروے کو یقینی بنایا جائے

تمام ریکارڈز اور ڈیٹا اپ ڈیٹ رکھیں، بھرتی میں صرف اہل اور فعال افراد کو شامل کیا جائے

ایک ہی خاندان یا قریبی رشتہ داروں کی غیر ضروری بھرتیوں سے گریز کیا جائے، اسداللہ

سبی (خ ن) کمشنر سبی ڈویژن اسداللہ فیض کی زیر صدارت ڈویژنل ٹاسک فورس آن پولیو اور ای پی آئی کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی، ڈویژنل ایریا کوآرڈینیٹر ڈاکٹر احسان اللہ، ڈی ایچ او ڈاکٹر قادر بارون، ڈی پی او صلاح الدین مری، این اسٹاپ آفیسر ڈاکٹر شہزاد و کامران، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر آئی ایس ڈی میر واکس خان، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر ایس آر آئی پی ارسلان لاشاری، ایم ایس ڈی ایچ کیو ڈاکٹر جہانزیب گشکوری، ایم اینڈ ای آفیسر شعیب خان مگسی سمیت سبی ڈویژن کے تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز، ڈی ایچ اوز اور ڈپٹی ڈی ایچ اوز نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر سبی ڈویژن اسداللہ فیض نے کہا کہ ہر پولیو مہم کے آغاز سے قبل موثر پری کمپین سرگرمیوں اور ٹارگٹ سروے کو یقینی بنایا جائے تاکہ بچوں کی درست نشاندہی اور سو فیصد کوریج حاصل کی جا سکے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ زیرو ڈوز بچوں کی نشاندہی اور انہیں حفاظتی ٹیکوں کی فراہمی کے لیے ای پی آئی پروگرام کو مزید فعال بنایا جائے جبکہ ای پی آئی اور ڈبلیو ایچ او اپنے تمام ریکارڈز اور ڈیٹا کو اپ ڈیٹ رکھیں۔ انہوں نے زور دیا کہ فیک مارکنگ اور فیک رپورٹنگ کی روک تھام کے لیے سخت اقدامات کیے جائیں اور پولیو ٹیموں کی بھرتی میں صرف اہل اور فعال افراد کو شامل کیا جائے۔ کمشنر سبی نے ہدایت کی کہ ایک ہی خاندان یا قریبی رشتہ داروں کی غیر ضروری بھرتیوں سے گریز کیا جائے اور مانیٹرز کے انتخاب اور نگرانی کے نظام کو مزید موثر بنایا جائے۔

کھیرتر کنال میں پانی کا شارٹ فال، زمینداروں میں تشویش

خریف کی فصل کاشت کرنے میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے

اوستہ محمد (نامہ نگار) اوستہ محمد کھیرتر کنال میں زرعی پانی کی شدید شارٹ فال سندھ بلوچستان کے حصے کا پانی چوری کر رہا ہے 1200 کیوسک پانی دینے کے بجائے 500 کیوسک پانی فراہم کر رہا ہے زمینداروں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی خریف کی فصل کاشت کرنے میں شدید مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں حکام بالا اس جانب فوری نوٹس لیں تفصیلات کے مطابق خریف کی سیزن قریب ہونے کے ساتھ ساتھ کھیرتر کنال میں زرعی پانی کی شدید شارٹ فال پیدا ہو گیا زرعی پانی کی قلت کی وجہ سے ہزاروں ایکڑ زرعی اراضی بنجر ہونے کا خدشہ مقامی زمیندار و کاشتکار خریف کی فصل سے محروم ہو جائیں گے سپرنٹنڈنگ انجینئر ایریگیشن سرکل نصیرآباد مدثر ظفر کھوسہ نے گزشتہ روز کھیرتر کینال کا دورہ کر کے کینال میں پانی کی فراہمی میں مسلسل کمی پر تشویش کا اظہار کیا سپرنٹنڈنگ انجینئر ایریگیشن سرکل نصیرآباد مدثر ظفر کھوسہ نے مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ RD-102 گڈو بیراج ریگولیٹر پر کھیرتر کینال کو فراہم کیے جانے والے پانی میں مسلسل کمی ریکارڈ کی جا رہی ہے، جس کے باعث بلوچستان کے زرعی اور آبپاشی نظام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔

اوستہ محمد، صحافی محمد حنیف بلوچ کے بھائی کی وفات پر قادر بخش رکشانی فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

بعدالت فیملی جج (4) کوئٹہ

مثل نمبر 47/26 درخواست گارڈین

بی بی نمیلہ زوجہ محبوب علی پتہ ہاؤس نمبر 18 بلال ریذیڈنسی چنیل باغ کوئٹہ بنام 1۔ عوام الناس

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 22/6/2026 مقرر ہو چکی ہے بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی بابت کسی کو کسی قسم کی کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ سماعت پر حاضر عدالت ہذا ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اشتہار ہذا آج بمورخہ 8/06/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

ADVT بازار

بعدالت فیملی جج (4) کوئٹہ

مثل نمبر 55/26 درخواست گارڈین

سکینہ دختر محمد رضا قوم ہزارہ سکنہ 7-72/84 مومن آباد علمدار روڈ کوئٹہ بنام 1۔ محمد جواد ولد محمد رضا 2۔ لیلیٰ دختر محمد رضا ساکنان 7-72/84 مومن آباد علمدار روڈ کوئٹہ 3۔ عوام الناس

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 18/6/2026 مقرر ہو چکی ہے بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی بابت کسی کو کسی قسم کی کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ سماعت پر حاضر عدالت ہذا ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اشتہار ہذا آج بمورخہ 4/06/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

63233

ازدفتر اسسٹنٹ کمشنر گنجی پور صحبت پور

نوٹس بنام

1۔ عبداللطیف کھوسہ وغیرہ 2۔ مولانا محمد خان شیرانی ساکنان تیرہ دین تحصیل تیرہ دین ضلع صحبت پور C/O تحصیلدار تیرہ دین

درخواست بابت تشکیل کردہ کمیٹی مدرسہ دارالعلوم محمدیہ میر نبی خان کھوسہ تیرہ دین

63236

TENDER NOTICE

The Executive Engineer, Urban Planning & Development Department ,Quetta Division Quetta invites the sealed tenders based on Composite Schedule of Rates 2023, Government of Balochistan, amended up-to-date from the interested Contractors / Firm for the following works:

S.#	Name of Works.	E/cost
1.	REHAB OF STREET AT KILLI ISMAIL GHAKI SHAHWANI, SARIAB ROAD QUETTA TSE-2526061097963	4,950,199

The Procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014 amended up to date. **BASIC ELIGIBITY:** The Firm/ Contractors must have valid registration with Pakistan Engineering Council who also has deposited case for renewal (2025-26) in relevant Category. Firms (Single Entity) having valid registration with Pakistan Engineering Council (PEC) in the Category C-6 or above and the relevant Specialized code. The firm must register in Balochistan Revenue Authority and presence in active tax payer list (ATL) Valid Registration with Income Tax &Presence in Active Tax Payer List in FBR (ATL) Turnover at least of last three years. The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work. The bids must accompany Bid Security in the form of Call Deposit or Bank Guarantee of 2 & 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. Other Mandatory conditions and Detail Criteria mentioned in the Bidding Documents. **METHOD OF PROCUREMENT:** Single Stage-Two Envelope Procedure. **ISSUANCE:**The firms/contractors can also download the bidding documents from the BPPRA website at www.bppra.org.pk. The required tender processing must be deposited in the government treasury under the head of account C-03870 through the Green Challan Form at the National Bank of Pakistan (NBP). **Last Date of bid submission:** The bidding Documents duly filled and attached with copies of supporting documents must be delivered in sealed envelopes by hand or through registered mail to the office of the Executive Engineer Urban Planning & Development Department Zarghoon Road Quetta on or before on 23/06/2026 at 9:00 am. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the Office of the undersigned at 10:30 am. **Address Place of Bids opening:** Office of the Executive Engineer Urban Planning & Development Department Zarghoon Road Quetta Bid Validity Period: Ninety (90) Days.

EXECUTIVE ENGINEER
Urban Planning &Dev: Department
Quetta Division Quetta

PRQ No.5449/08-6-2026

TENDER NOTICE

The Executive Engineer Urban Planning & Development Department ,Naseerabad Division at D.M Jamali has invitees the following Sealed Tenders on the Composite Schedule Rates 2023 of the Govt of Balochistan from interested Firms / Contractors of the following works:-

S.#	Name of Works.	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF FLOOD PROTECTION BAND MAHMUD JHAL MAGSI TSE-2526061095513	18,321,481
2	CONSTRUCTION OF FLOOD PROTECTION BAND SHAHNAWAZ ADMANI JHAL MAGSI TSE-2526061095483	27,721,48
3	CONSTRUCTION OF TUFF TILES AND STREET LIGHTS HAIDER SHAH TSE-2526061095593	14,852,481
4	INSTALLATION OF STREET LIGHT AT DOZAN JHAL NADI TSE-2526061095453	9,900,000
5	INSTALLATION OF STREET LIGHTS U/C MASHKAF AND KAMOI TSE-2526061095543	28,217,481

The Procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014 amended up to date. **BASIC ELIGIBILITY:** The firms/contractors must have a valid registration with the Pakistan Engineering Council (PEC), duly renewed for the year 2025–26 in the relevant category C- 6 & 5 or above, along with the relevant specialization code mentioned in bidding documents. The firm must register in Balochistan Revenue Authority and presence in active tax payer list (ATL) Valid Registration with Income Tax & Presence in Active Tax Payer List in FBR (ATL) Turnover at least of last three years. The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work. The bids must accompany Bid Security in the form of Call Deposit or Bank Guarantee of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan. Other Mandatory conditions and Detail Criteria mentioned in the Bidding Documents. **METHOD OF PROCUREMENT:** Single Stage-Two Envelope Procedure. **ISSUANCE:** The firm/contractors can also download the bidding documents from the BPPRA website at www.bppra.org.pk. The tender processing fee of Rs. 1000/- for each tender mentioned above must be deposited in the government treasury under the head of account C-03870 through the Green Challan Form at the National Bank of Pakistan (NBP). **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 23rd June, 2026 during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 23rd June, 2026 till 09:00 AM **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the Executive Engineer UP&DD sub office at Jhal Magsi at 10:00 AM Place of issuance and submission will be: - Address: office of the Executive Engineer UP&DD Sub office at Jhal Magsi

Telephone No. 0333787188 Fax No. 0829668307
Bid Validity Period: Ninety (90) Days.
Email: xenupnddnbatdmj78@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER
Urban Planning & Dev: Department
Naseerabad Division

PRQ No.5454/08-6-2026

TENDER NOTICE

Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer Building Saddar invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates **Tender Fee 3000 PKR and Bid Security 3%**

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	ESTABLISHMENT OF SEWAGE TREATMENT PLANT AT BMCH, SPH AND FJICD. Z2025.1407 (BMCH COMPONENT) TSE-2526061096443	65,629,504

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 45,940,652 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Bidder is not blacklisted, Blacklisting means: "Barring a bidder, contractor, consultant or supplier from participating in any future procurement proceedings by the Pakistan Engineering Council/PPRA/any government, semi government, and autonomous body All pending litigation shall in total not represent more than seventy (70) % of the Bidder's net worth and shall be treated as resolved against the Bidder Non performing contracts arise from disputes financial issues or failure to meet obligations. Historically, they've led to legal battles, financial losses, and stricter regulations. Mechanisms like force majeure and dispute resolution help mitigate risks Submission of audit balance sheet in the last four years to demonstrate ICA Available Credit limit line of 100% of estimated cost Account statement by concerned Bank of last 2 years provided as lates Last 3 years withholding tax audit Order i.e 2023 2024 and 2025 including CPRS. In the case of Non withholding agent, a certificate from the FBR is required, confirming that no government dues or taxes are pending against the contractor Green Challan of Rs 3000 and also attach BPPRA system Generated Challan Voucher Only for the firms already engaged with Executive Engineer CWPP&H Department. It is mandatory for them to provide performance certificate Call Deposit of 3% of the Estimated cost. provide call deposit, Date and name of firm clearly mentioned on the Call Deposit Attach 2 On Going Project Work Orders with Performance Certificates in fresh Dates **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 23 June, 2026till 09:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 10:00 AM on EPPS System Address: Spini Road Quetta
Phone no: 0817939397 Email: xen.building.sadar@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER (Buildings),
CW,PP&H Department
Saddar Quetta

PRQ No.5452/08-6-2026

TENDER NOTICE

Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer Building Saddar invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates **Tender Fee 3000 PKR and Bid Security 3%**

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	ESTABLISHMENT OF ICUS AS PER IPC PROTOCOL AT SKBZ AND UP GRADATION OF CENTRAL STERILE SUPPLY DEPARTMENT (CSSD) AT BMCH & SKBZ Z2025.1397 (BMCH COMPONENT) TSE-2526061096433	40,518,530

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 28,362,971 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Bidder is not blacklisted, Blacklisting means: "Barring a bidder, contractor, consultant or supplier from participating in any future procurement proceedings by the Pakistan Engineering Council/PPRA/any government, semi government, and autonomous body All pending litigation shall in total not represent more than seventy (70) % of the Bidder's net worth and shall be treated as resolved against the Bidder Non performing contracts arise from disputes financial issues or failure to meet obligations. Historically, they've led to legal battles, financial losses, and stricter regulations. Mechanisms like force majeure and dispute resolution help mitigate risks Submission of audit balance sheet in the last four years to demonstrate ICA Available Credit limit line of 100% of estimated cost Account statement by concerned Bank of last 2 years provided as lates Last 3 years withholding tax audit Order i.e 2023 2024 and 2025 including CPRS. In the case of Non withholding agent, a certificate from the FBR is required, confirming that no government dues or taxes are pending against the contractor Only for the firms already engaged with Executive Engineer CWPP&H Department. It is mandatory for them to provide performance certificate provide green challan of Rs 3000 and also attach BPPRA Generated Challan Voucher attach 2 Work orders similar nature of work and complexity and also attach the performance certificates in fresh dates Call Deposit of 3% of Estimated cost date and name of the firm clearly mentioned on the CDR **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 23 June, 2026till 09:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 10:00 AM on EPPS System Address: Spini Road Quetta Phone no: 0817939397
Email: xen.building.sadar@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER (Buildings),
CW,PP&H Department
Saddar Quetta

PRQ No.5451/08-6-2026

شاہین آفریدی کا کیریئر خطرے میں، ٹیسٹ ٹیم سے ڈراپ کرنے کا فیصلہ

پی سی بی نے کیمپ سے ٹیسٹ کے لئے بائیس کھلاڑیوں کو منتخب کیا، شاہین آفریدی شامل نہیں، کیمپ سے ون ڈے میچز کے لئے 27 کھلاڑی سلیکٹ

شاہین آفریدی کو مستقل طور پر ٹیسٹ ٹیم سے ڈراپ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، رپورٹس، وائٹ بال کیمپ 18 ستمبر، ریڈ بال کا کیمپ دس جولائی تک چلے گا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ون ڈے کرکٹ ٹیم کے کپتان شاہین شاہ آفریدی کو ٹیسٹ ٹیم میں شامل نہیں کیا جائے گا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ نے لاہور میں 49 کھلاڑیوں کو کیمپ میں مدعو کیا ہے، جس میں 22 کھلاڑی ٹیسٹ اور 27 کھلاڑیوں کو ون ڈے اور ٹی 20 کیمپ کے لیے منتخب کیا گیا ہے۔ وائٹ بال ٹیم کا کیمپ 18 ستمبر جبکہ ریڈ بال کھلاڑیوں کا کیمپ 10 جولائی تک چلے گا، ویسٹ انڈیز کے دورے کے لیے ممکنہ طور پر کیمپ 15 جولائی سے شروع ہوگا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کے متعلقہ تھنک ٹینک نے ون ڈے ٹیم کے کپتان شاہین شاہ آفریدی کو ٹیسٹ ٹیم کے کیمپ میں منتخب نہیں کیا، ان کا نام وائٹ بال کیمپ کے 27 کھلاڑیوں میں شامل ہے اور توقع ہے کہ وہ 15 جون کو کیمپ میں رپورٹ کریں گے۔ خیبر ایجنسی سے تعلق رکھنے والے 26 سال کے شاہین شاہ آفریدی نے دسمبر 2017 میں پہلا ٹیسٹ نیوزی لینڈ کے خلاف کرکٹ اسٹیڈیم ابوظہبی میں نیوزی لینڈ کے خلاف کھیلا تھا، جبکہ آخری ٹیسٹ انہوں نے مئی 2026 میں بنگلا دیش کے خلاف میرپور میں کھیلا۔ 34 ٹیسٹ میں انہوں نے 1114 اوورز کے دوران 3545 رنز کے عوض 126 وکٹیں اپنے نام کیں۔ شاہین شاہ آفریدی نے آخری ٹیسٹ بنگلا دیش کے خلاف کھیلا، جہاں پاکستان کو میزبان کے ہاتھوں 104 رنز کی شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا۔

محسن گیلانی کی قومی فٹبال ٹیم کو مبارکباد، ٹیم کیلئے انعام کا اعلان

64 سال بعد یہ کامیابی محنت اور لگن کی عکاس ہے، صدر پی ایف ایف

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان فٹبال فیڈریشن کے صدر سید محسن گیلانی نے قومی مینز فٹبال ٹیم کی 64 سال کے بعد کسی آزاد بین الاقوامی فٹبال ٹورنامنٹ کے فائنل میں رسائی حاصل کرنے پر مبارکباد دیتے ہوئے ٹیم کیلئے انعام کا اعلان کردیا۔ صدر پی ایف ایف سید محسن گیلانی نے کہا کہ ہم اس شاندار جیت کا چھ دہائیوں سے زائد عرصے سے انتظار کر رہے تھے اور میں اپنی ٹیم کو اس شاندار کامیابی پر مبارکباد پیش کرتا ہوں جس کا ہمارے شائقین بھی طویل عرصے سے انتظار کر رہے تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ کامیابی ترقی، محنت اور لگن کی عکاس ہے۔ ہم اسی جذبے کے ساتھ کام جاری رکھیں گے تاکہ ایسی کامیابیاں پاکستان فٹبال کی پہچان بن جائیں۔ ہیڈ کوچ نولبرٹو سولانو کی قیادت میں پاکستان نے مالدیپ میں جاری ڈائمنڈ جوبلی فٹبال ٹورنامنٹ میں افغانستان کو 0-2 گول سے شکست دے کر فائنل کے لیے کوالیفائی کیا۔ اس کے ساتھ ہی قومی ٹیم نے 1962 کے مرڈیکا کپ کے بعد پہلی مرتبہ کسی بین الاقوامی ٹورنامنٹ کے فائنل میں جگہ بنائی ہے۔ فائنل دس جون کو کھیلا جائیگا۔

نیشنل ایئر رائفل شوٹنگ چیمپئن شپ آج سے شروع ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل ایئر رائفل اینڈ ایئر پسٹل شوٹنگ چیمپئن شپ کے مقابلے (آج) منگل 9 جون سے گن اینڈ کنٹری کلب، اسلام آباد میں ہوں گے۔ چیمپئن شپ کا افتتاح وفاقی سیکرٹری بین الصوبائی رابطہ محی الدین وانی 9 جون کو صبح گیارہ بجے کریں گے۔ ٹورنامنٹ آرگنائزر نعمان افضل نے بتایا کہ چیمپئن شپ کے تمام انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں اور چیمپئن شپ میں ملک بھر سے تقریباً 80 مرد اور خواتین شوٹرز حصہ لیں گے۔

آستن، بین الاقوامی دوستانہ میچ کے دوران دوسرے ہاف میں پورٹو ریکو کے سیباسٹین سعودی عرب کی طرف سے گول کک کو روک رہا ہے

فیفا ورلڈ کپ، پہلی بار سیمی آٹومیٹڈ ٹیکنالوجی استعمال کی جائے گی

ورلڈ کپ میچز میں کک آف سمارٹ بال نامی خاص فٹبال استعمال ہوگی

واشنگٹن (یو این پی) سائنس اور ٹیکنالوجی کی دنیا کا سب سے بڑا تجربہ فیفا ورلڈ کپ 2026 میں ہوگا جس میں پہلی بار سیمی آٹومیٹڈ آف سائیڈ ٹیکنالوجی استعمال کی جائے گی۔ رواں برس فٹبال ورلڈ کپ میچز میں کک آف سمارٹ بال نامی خاص سنسر والی فٹبال استعمال ہوگی، میچ بال کے اندر موجود ہائی اسپیڈ سنسر ایک سیکنڈ میں 500 بار ڈیٹا بھیجے گا، یہ سنسر بال ٹریکنگ سسٹم اور اسٹیڈیم کے کیمروں کے ساتھ مل کر کام کرے گا۔ اس ٹیکنالوجی سے آف سائیڈ اور ہینڈ بال کے متنازع فیصلوں میں 100 فی صد درستگی آئے گی، اور یہ سگنل کے ذریعے آف سائیڈ کا فیصلہ خودکار طریقے سے ویڈیو ریفریز کو بھیجے گی۔ فیفا ورلڈ کپ 2026 میں پہلی بار تھری ڈی اے آئی میڈ پلیئر اوتار ٹیکنالوجی بھی متعارف کرائی جا رہی ہے، جس میں اسپیشل کیمرے کھلاڑیوں کے جسم کے 29 مختلف پوائنٹس کو ہر سیکنڈ میں 50 بار مانیٹر کریں گے۔ کھلاڑیوں کے لائیو تھری ڈی ماڈلز آف سائیڈ لائنز کو خودکار طریقے سے واضح کیا جائے گا۔

ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ، لندن کے واٹرلو برج پر میلہ سج گیا

ٹرافی کی فوٹو سیشن تقریب میں شائقین کی بڑی تعداد نے شرکت کی

لندن (آئی این پی) ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ سے قبل لندن کے مشہور واٹرلو برج کو کرکٹ پچ میں تبدیل کرکے وہاں پر ٹرافی کے ہمراہ کپتانوں کے فوٹو سیشن کی تقریب منعقد کی گئی۔ تفصیل کے مطابق 12 ٹیموں کی کپتان خصوصی ڈبل ڈیکر بس کے ذریعے پل پر پہنچیں اور وہاں قائم کی گئی عارضی پچ پر مختلف کرکٹ سرگرمیوں اور مداحوں کے ساتھ دلچسپ پروگراموں میں حصہ لیا۔ اس تقریب کو کپتانوں کا کارنیوال قرار دیا گیا جس میں شائقین نے بھی بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس دوران اسٹریٹ کرکٹ، تفریحی مقابلوں اور ثقافتی سرگرمیوں نے پورے ماحول کو ایک رنگا رنگ میلے میں تبدیل کردیا۔ واضح رہے کہ ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کا آغاز 12 جون کو برمنگھم میں میزبان انگلینڈ اور سری لنکا کے درمیان میچ سے ہوگا جبکہ فائنل 5 جولائی کو لارڈز میں کھیلا جائے گا۔

قومی کھیل کے فروغ کیلئے ہاکی فیڈریشن اور پارکو کے مابین اہم مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوگئے

معاہدے کو ہاکی کے فروغ کے لئے اہم سنگ میل قرار دیا جارہا ہے، ہاکی کے فروغ اور کوچنگ کے لیے 10 کروڑ روپے فراہم کیے جائیں گے

فیڈریشن اور پارکو کے مابین شراکت داری ملک گیر کوچنگ فریم ورک کے تحت کام کرنے والے کوچز کو وظائف کی فراہمی میں بھی معاون ثابت ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں ہاکی کے کھیل کی بحالی اور فروغ کے لیے ایک سنگ میل عبور کر لیا گیا ہے۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن اور پاکستان عرب ریفائنری لمیٹڈ کے مابین ملک بھر میں کوچنگ کی ترقی اور ہاکی سے وابستہ دیگر سرگرمیوں کو دست تعاون فراہم کرنے کے لیے ایک تاریخی شراکت داری کا معاہدہ طے پا گیا ہے۔ معاہدے پر دستخط کی باوقار تقریب میں آئی پی سی سیکرٹری، ڈی جی پی ایس بی و پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر محی الدین احمد وانی، سیکرٹری پیٹرولیم حامد یعقوب شیخ، مینیجنگ ڈائریکٹر پارکو ارتضیٰ شاہ، چیئرمین پارکو، دونوں اداروں کے اعلیٰ حکام اور قومی تربیتی و سلیکشن کیمپ میں موجود پاکستان انڈر-21 جونیئر ہاکی ٹیم کے کھلاڑیوں نے شرکت کی۔ دو سالہ معاہدے کے تحت پارکو پاکستان ہاکی فیڈریشن کو ملک بھر میں کوچنگ ایجوکیشن پروگرامز، کوچز کی پیشہ ورانہ تربیت اور ہاکی کی دیگر سرگرمیوں کے انعقاد کے لیے 10 کروڑ (100 ملین) روپے کی مالی امداد فراہم کرے گا۔ یہ شراکت داری فیڈریشن کے ملک گیر کوچنگ فریم ورک کے تحت کام کرنے والے کوچز کے وظائف کی فراہمی میں بھی معاون ثابت ہوگی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے اس شراکت داری کو پاکستان میں ہاکی کے ڈھانچے کی ازسرنو تعمیر، کوچنگ کی مہارت اور انسانی وسائل کی ترقی کے لیے ایک بہترین اور دوررس اقدام قرار دیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ کوچنگ کے معیار کو بین الاقوامی تقاضوں کے مطابق بنانا اور ایک منظم کوچنگ سسٹم کا قیام، مستقبل کے باصلاحیت کھلاڑیوں کو نکھارنے اور عالمی سطح پر پاکستان ہاکی کا کھویا ہوا مقام واپس دلانے کے لیے ناگزیر ہے۔ تقریب میں قومی کیمپ میں شریک پاکستان انڈر-21 جونیئر ہاکی ٹیم کے نوجوان کھلاڑیوں کی موجودگی اس بات کی عکاس تھی کہ پی ایچ ایف اور پارکو پاکستان ہاکی کے مستقبل کو محفوظ بنانے اور نوجوان ٹیلنٹ کو پائیدار مواقع فراہم کرنے کے لیے مشترکہ عزم رکھتے ہیں۔

حسن علی نے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں نیا ریکارڈ قائم کردیا

لندن (این این آئی) پاکستان کے تجربہ کار فاسٹ بولر حسن علی نے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں نیا ریکارڈ قائم کردیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز وائٹیلٹی بلاسٹ میں لاسیسٹر شائر کے خلاف میچ میں حسن علی نے 4 وکٹیں حاصل کیں، اس دوران انہوں نے بڑا سنگ میل عبور کرتے ہوئے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں تیز ترین 350 وکٹیں لینے کا عالمی ریکارڈ اپنے نام کر لیا۔ چیمپئنز ٹرافی 2017 کے بہترین بولر حسن علی نے یہ کارنامہ صرف 243 میچز میں انجام دیا اور افغان اسپنر راشد خان کا ریکارڈ توڑ دیا۔ راشد خان نے 350 وکٹوں کا ہندسہ 251 میچز میں مکمل کیا تھا۔ اس نئی کامیابی کے بعد کرکٹ حلقوں اور شائقین کی جانب سے انہیں بھرپور خراج تحسین پیش کیا جارہا ہے۔

بنگلہ دیش، سابق کپتان تمیم اقبال کرکٹ بورڈ کے بلامقابلہ صدر منتخب

تمیم اقبال اگلے چار سال تک بنگلہ دیشی کرکٹ بورڈ کی قیادت کریں گے

ڈھاکہ / اسلام آباد (این این آئی) بنگلا دیش کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان تمیم اقبال بنگلا دیش کرکٹ بورڈ کے بلا مقابلہ صدر منتخب ہوگئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ڈھاکا میں ہونے والے انتخابات میں تمیم اقبال اس عہدے کے لیے واحد امیدوار تھے، وہ مجموعی طور پر 4 سالہ مدت کیلئے بورڈ کی قیادت کریں گے۔ واضح رہے کہ رواں سال اپریل میں بنگلا دیشی حکومت نے سابق صدر امین الاسلام کی قیادت میں بنگلا دیش کرکٹ بورڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو تحلیل کر دیا تھا۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے تمیم اقبال کو بنگلا دیش کرکٹ بورڈ کا بلا مقابلہ صدر منتخب ہونے پر مبارک باد دی ہے۔ محسن نقوی نے تمیم اقبال کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کا بنگلا دیش کرکٹ بورڈ کا صدر منتخب ہونا کرکٹ کے فروغ کے لیے خوش آئند ہے۔ انہوں نے کہا کہ امید ہے کہ تمیم اقبال کی سربراہی میں بنگلا دیش کرکٹ بورڈ کرکٹ کے فروغ میں بھرپور کردار ادا کرے گا۔

بنگلہ دیش بمقابلہ آسٹریلیا پہلا ون ڈے، جوش انگلس اور مہدی حسن میراز سیریز کی ٹرافی کے ساتھ پوز دیتے ہوئے

ایبٹ آباد نے پی ایس ڈویلپرز نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ کا ٹائٹل اپنے نام کرلیا

کراچی وائٹس کو فائنل میں شکست، کامران غلام ٹورنامنٹ کے بہترین بلے باز قرار

لاہور (این این آئی) ایبٹ آباد نے فائنل میں کراچی وائٹس کو ہرا کر پی ایس ڈویلپرز نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ 26-2025 کا ٹائٹل اپنے نام کرلیا۔ ایبٹ آباد نے نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ کی تاریخ میں پہلا ٹائٹل جیتا ہے۔ چیف آپریٹنگ آفیسر پی سی بی سمیر احمد سید اختتامی تقریب کے مہمان خصوصی تھے، ٹورنامنٹ جیتنے والی ٹیم کو 50 لاکھ روپے انعام اور ٹرافی دی گئی، رنراپ ٹیم 25 لاکھ روپے کی حقدار بنی۔ ایبٹ آباد نے ٹاس جیت کر پہلے بولنگ کا فیصلہ کیا اور کراچی وائٹس کو 18 اعشاریہ تین اوورز میں 118 رنز پر آل آؤٹ کیا۔ ایبٹ آباد کی جانب سے فاسٹ باؤلرز کی شاندار کارکردگی، ارشد اقبال کی تین وکٹیں جبکہ شہاب خان اور رضا اللہ کے دو دو شکار، وسیم جونیئر نے بھی ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔ کپتان شاداب خان نے تین اعشاریہ تین اوورز میں 17 سترہ رنز کے عوض دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ جواب میں ایبٹ آباد کے اوپننگ بلے باز شاہ زیب خان کی شاندار نصف سنچری، ایبٹ آباد نے 13 اعشاریہ پانچ اوورز میں مطلوبہ ہدف حاصل کرلیا۔ شاہ زیب نے 41 گیندوں پر تین چوکوں اور چار چھکوں کی مدد سے 54 رنز بنائے۔ کامران غلام نے 26 گیندوں پر تین چوکوں اور تین چھکوں کی مدد سے 45 رنز کی دھواں دھار اننگز کھیلی۔ کامران غلام کو ٹورنامنٹ کے بہترین بلے باز کا ایوارڈ بھی دیا گیا، انہوں نے چھ میچوں میں 246 رنز سکور کیے۔ بہترین باؤلر اور پلیئر آف دی ٹورنامنٹ کا ایوارڈ سیالکوٹ کے اسامہ میر لے اڑے، انہوں نے ٹورنامنٹ میں 16 وکٹیں حاصل کیں۔ ٹورنامنٹ کے بہترین وکٹ کیپر بیٹر کا ایوارڈ کراچی بلوز کے عثمان خان کو دیا گیا۔

TENDER NOTICE

The Development Officer Loralai, invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates.

S.No	Name of Work	Estimated Cost	Tender Fee	Bid Security	TSE NO.
1.	PROVIDING AND INSTALLATION LDPE WATER TANKS U/C AZGHARLON DISTRICT LORALAI.	4,900,000	1,000 PKR	2%	2526061097853
2.	PROVIDING AND INSTALLATION LDPE WATER TANKS U/C LAHORE DISTRICT LORALAI.	4,900,000	1,000 PKR	2%	2526061097833
3.	PROVIDING AND INSTALLATION LDPE WATER TANKS U/C DARGAI DISTRICT LORALAI.	4,900,000	1,000 PKR	2%	2526061097793
4.	PROVIDING AND INSTALLATION LDPE WATER TANKS U/C SHABOZAI DISTRICT LORALAI.	4,900,000	1,000 PKR	2%	2526061097783
5.	PROVIDING AND INSTALLATION LDPE WATER TANKS U/C CHINA ALIZAI DISTRICT LORALAI.	4,900,000	1,000 PKR	2%	2526061097743
6.	PROVIDING AND INSTALLATION LDPE WATER TANKS U/C SAGHAR DISTRICT LORALAI.	4,900,000	1,000 PKR	2%	2526061097733
7.	PROVIDING AND INSTALLATION LDPE WATER TANKS U/C BAWAR DISTRICT LORALAI.	4,900,000	1,000 PKR	2%	2526061097723
8.	PROVIDING AND INSTALLATION LDPE WATER TANKS U/C PATHAN KOT DISTRICT LORALAI.	4,900,000	1,000 PKR	2%	2526061097713
9.	PROVIDING AND INSTALLATION LDPE WATER TANKS U/C SPIN MASJID DISTRICT LORALAI.	4,900,000	1,000 PKR	2%	2526061097703
10.	PROVIDING AND INSTALLATION LDPE WATER TANKS U/C KACH AHMAQZAI DISTRICT LORALAI.	4,900,000	1,000 PKR	2%	2526061097693
11.	PROVIDING AND INSTALLATION LDPE WATER TANKS U/C SHAH KAREZ DISTRICT LORALAI.	4,900,000	1,000 PKR	2%	2526061097343
12.	PROVIDING AND INSTALLATION LDPE WATER TANKS U/C KOHAR KAREZ DISTRICT LORALAI.	4,900,000	1,000 PKR	2%	2526061097303
13.	PROVIDING AND INSTALLATION LDPE WATER TANKS U/C CHINJAN DISTRICT LORALAI.	4,900,000	1,000 PKR	2%	2526061097263
14.	PROVIDING AND INSTALLATION LDPE WATER TANKS U/C ORYAGAI NASRAN-I DISTRICT LORALAI.	4,900,000	1,000 PKR	2%	2526061097253
15.	PROVIDING AND INSTALLATION LDPE WATER TANKS U/C ORYAGAI NASRAN-II DISTRICT LORALAI.	4,900,000	1,000 PKR	2%	2526061097213
16.	PROVIDING AND INSTALLATION LDPE WATER TANKS U/C ORYAGAI KAKARAN DISTRICT LORALAI.	4,900,000	1,000 PKR	2%	2526061097193
17.	PROVIDING AND INSTALLATION LDPE WATER TANKS U/C BARRAD DISTRICT LORALAI.	4,900,000	1,000 PKR	2%	2526061097183
18.	PROVIDING AND INSTALLATION LDPE WATER TANKS U/C ZARA DISTRICT LORALAI.	4,900,000	1,000 PKR	2%	2526061097173
19.	PROVIDING AND INSTALLATION LDPE WATER TANKS U/C MEKHTAR DISTRICT LORALAI.	4,900,000	1,000 PKR	2%	2526061097133
20.	PROVIDING AND INSTALLATION LDPE WATER TANKS U/C TOOR DISTRICT LORALAI.	4,900,000	1,000 PKR	2%	2526061097123
21.	PROVIDING AND INSTALLATION LDPE WATER TANKS U/C TIRKHA CHEENA DISTRICT LORALAI.	4,900,000	1,000 PKR	2%	2526061097113

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turnover of at least 3,430,000 PKR Amount in1 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **1,000 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **25 June, 2026** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **25 June, 2026** till **12:00 PM**. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **01:00 PM Address:** office of the LG loralai
Email: aamirmalghani10@gmail.com

AB No.1430/08-06-2026

DEVELOPMENT OFFICER, LOCAL GOVERNMENT LORALAI.

اشتہار /اہم اطلاع برائے کامیاب بولی دہندگان

مندرجہ ذیل کامیاب بولی دہندگان کو بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ اب تک ان کی جانب سے متعلقہ چالان اور ٹیکس جمع نہیں کرایا گیا لہذا انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے تمام واجبات (چالان اور ٹیکس) ہر صورت مورخہ 15 جون 2026 تک جمع کروا کر اپنی متعلقہ گاڑیاں وصول کریں۔ بصورت دیگر مقررہ تاریخ کے بعد صرف متعلقہ گاڑیوں کی حوالگی عمل میں نہیں لائی جائیگی بلکہ ان کی جمع شدہ کال ڈیپازٹ حسب قواعد ضبط کرلی جائیگی جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ بولی دہندگان پر ہوگی۔
تفصیل بولی دہندگان درج ذیل ہے۔

جناب سرفراز خان ولد عبدالجبار شناختی کارڈ نمبر 54400-0438238-1 موبائل نمبر 03361817900 ایڈریس: ارباب کرم خان روڈ کوئٹہ

نمبر شمار	گاڑی کا نمبر	میک اور ٹائپ	ماڈل	پارکنگ کی جگہ	رقم
1	QAV-6289	سوزوکی بولان (Suzuki Bolan)	2010	سی ایم سیکرٹری (C.M Sectt)	1,100,000
2	QAG-52	کرولا انڈس (Corolla Indus)	1994	سی ایم سیکرٹری (C.M Sectt)	925,000
3	QAW-3839	سوزوکی پک اپ (Suzuki Pickup)	2010	سی ایم سیکرٹری (C.M Sectt)	1,360,000

جناب منظور احمد شناختی کارڈ نمبر 54400-5479857-5 موبائل نمبر 0336-1817900 ایڈریس: سریاب روڈ کوئٹہ

نمبر شمار	گاڑی کا نمبر	میک اور ٹائپ	ماڈل	پارکنگ کی جگہ	رقم
1	QAV-4413	سوزوکی مہران	2010	سی ایم سیکرٹری (C.M Sectt)	780,000

جناب محمد حنیف ولد رسول بخش شناختی کارڈ نمبر 54400-5901456-5 موبائل نمبر 0337-4662786 ایڈریس سائنس کالج کوئٹہ

نمبر شمار	گاڑی کا نمبر	میک اور ٹائپ	ماڈل	پارکنگ کی جگہ	رقم
1	QAK-6337	Yahama Bike 100 CC	1994	سی ایم سیکرٹری (C.M Sectt)	17,000
2	GR-537	Honda Bike 125 CC	2013	سی ایم سیکرٹری (C.M Sectt)	110,000

سیکشن آفیسر (ایڈمن) چیف منسٹر سیکرٹریٹ کوئٹہ

PRQ No5471/08-06-2026

TENDER NOTICE

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB The Chief Officer Municipal Committee Khanozai invites bids from eligible Bidders for supply of following items: Tender Fee 2000 PKR and Bid Security 2% for each work

S. No	TSE Number	Tender Name	Last Date and Time of Bid Submission	Tender Opening
1	TSE-2526061097591	PROVIDING AND SUPPLY OF BATTERIES AT WARD NO 17 OF MUNICIPAL COMMITTEE KHANOZAI (Total Item(s) Count: 1)	26 June, 2026 10:00 AM	11:00 AM
2	TSE-2526061097683	PROVIDING AND FIXING OF LDPE OVERHEAD TANK AT WARD NO 1,3,4,6,9,10,14,16,19, 20,21 AND FOR RESERVED WOMEN OF MC KHANOZAI	26 June, 2026 10:00 AM	11:00 AM

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure (TSE-2526061097591) Single Stage Two Envelope Bidding Procedure (TSE-2526061097683) **Tender Documents:** The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee. **Address:** Khanozai **Phone no:** 03322317874
Email: rafikhankakar550@gmail.com

AB No.1420/08-06-2026

Chief Officer Municipal Committee Khanozai

SITUATIONS VACANT.

Applications are invited from suitable candidates having Local/Domicile of Balochistan for recruitment against the following vacant posts in Town Municipal Corporation (TMC) Takatu, Quetta.

Sr. No.	Post Name	BPS	No of Vacancies
1	Driver (LTV)	BS-04	02
2	Naib Qasid	BS-01	08
3	Mali	BS-01	02
4	Cook	BS-01	02
5	Sanitary Worker	BS-01	04
	Total		18

ELIGIBILITY CRITERIA
Candidates must possess the required qualification and experience for the relevant post.
Age limit: 18 to 43 years (as per Government of Balochistan rules).
Applicants for Driver (LTV) must possess a valid LTV Driving License.
Candidates must possess a valid Local/Domicile Certificate of Balochistan.
Recruitment will be made strictly on merit and according to Government rules.

HOW TO APPLY
Attested copies of CNIC
Local/Domicile Certificate
Educational Certificates (if applicable)
Experience Certificates (if applicable)
Two recent passport-size photographs

ADDRESS FOR SUBMISSION OF APPLICATIONS
Office of the Chief Executive Officer, Town Municipal Corporation (TMC) Takatu, Satellite Town (Old Office of District Council Quetta), Quetta, Balochistan.

IMPORTANT NOTES
Incomplete applications or those received after the due date will not be entertained.
Only shortlisted candidates will be called for test/interview.
No TA/DA will be admissible.
The competent authority reserves the right to increase, decrease, or cancel any post without assigning any reason.
Last Date for Submission of Applications: **22 June 2026**

AB No.1422/08-6-2026

CHIEF EXECUTIVE OFFICER TOWN Municipal Corporation Takatu Quetta.

TENDER NOTICE

The MS Teaching Hospital Khuzdar invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2526061095801 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** Tender Fee Not Required

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Medical Equipment and Accessories (Total Item(s) Count: 3)	2 %

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 2 Assignments of Similar Nature and Complexity 5,000,000 in Previous 2 Years Turn over of at least 5,000,000 PKR in 2 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency in Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee, Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 19 June, 2026till 10:30 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 11:30 AM on EPPS System Address: Teaching Hospital Khuzdar Phone no: 3337804619
Email: dr.tahira.kamal@gmail.com

PRQ No.5450/08-06-2026

MEDICAL SUPERINTENDENT JHALAWAN TEACHING HOSPITAL KHUZDAR

TENDER NOTICE

TSE-2526061098463 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer (Roads) Communication Works, PP&H Department District Hub invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1500 PKR and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF INTERNAL ROADS AT GOTH MALAK ALAMZAIB SAKRAN DISTRICT HUB. PSDP NO.418/Z2021.1887	24,587,273

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 17,211,091 PKR Amount in2 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee, Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,500 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 23 June, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 23 June, 2026till 11:30 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 12:30 PM Address: Behind Allied Bank MAIN RCD ROAD TEHSIL HUB DISTRICT HUB
Phone no: 0853363462 Fax no: 0853363122
Email: jamalkhan0345@gmail.com

PRQ No.5456/08-6-2026

Executive Engineer (Roads) Communication Works, PP&H Department District Hub

TENDER NOTICE

TSE-2526061098133 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Chief Officer Municipal Committee Harnai invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates Tender Fee 3,000 PKR

S.No	Name of Work/s	Bid Security
1	SUPPLY & FIXING OF SOLAR SYSTEM FOR WARD NO 06 MC HARNAI.	3%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 10,500,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm JV ON Rs.500 Stampaper and also attested Blacklisting on Rs.100 stampaper 8 CDR 3% AND 3000 CHALLAN **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee, Deposit at Call of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 3,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 23 June, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 23 June, 2026till 09:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 10:00 AM Address: Chief Officer Municipal Committee Harnai
Phone no: 0083352017 Fax no: 0 Email: Nil@gmail.com

AB No.1416/08-6-2026

Chief Officer Municipal Committee Harnai

TENDER NOTICE

TSE-2526061098193 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Chief Officer Municipal Committee Harnai invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates Tender Fee 3,000 PKR

S.No	Name of Work/s	Bid Security
1	SUPPLY AND FIXING OF WATER TANK 400 GALLON FOR WARD NO 06 MC HARNAI	3%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 10,500,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm JV ON Rs.500 Stampaper and also attested Blacklisting on Rs.100 stampaper 8 CDR 3% AND 3000 CHALLAN **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee, Deposit at Call of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 3,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 23 June, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 23 June, 2026till 09:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 10:00 AM **Address:** Chief Officer Municipal Committee Harnai
Phone no: 0083352017 Fax no: 0 Email: Nil@gmail.com

AB No.1417/08-6-2026

Chief Officer Municipal Committee Harnai

بقیہ 1 — بند کردیے

بعد شہری علاقوں میں خوف و ہراس پھیل گیا اور لوگ محفوظ مقامات کی جانب منتقل ہونے لگے۔ اسرائیلی دفاعی افواج نے ایران کے جنوب مغرب میں واقع شہر ماہشہر میں ایک پیٹروکیمیکل تنصیب کے متعدد اہم مقامات پر حملے کیے ہیں۔ اسرائیلی فوج اور ایرانی سرکاری میڈیا دونوں نے ہی اس اہم تنصیب پر حملے کی تصدیق کی ہے۔ ایرانی ذرائع ابلاغ کے مطابق خلیج فارس کے شمالی ساحل کے قریب واقع اس متعلق کمپلیکس کو جزوی طور پر نقصان پہنچا ہے۔ ایران کے مقامی ذرائع ابلاغ کے مطابق وسطی اور مغربی ایران پر اسرائیلی حملوں کے دوران دارالحکومت تہران کے شہری علاقوں کو نشانہ نہیں بنایا گیا۔ مقامی میڈیا نے تہران فائر ڈیپارٹمنٹ کے حوالے سے رپورٹ کیا ہے کہ سوموار کی علی الصبح تہران کے مغربی علاقوں میں کم از کم دو دھماکوں کی آوازیں سنی گئیں۔ اس سے قبل تبریز، اصفہان اور کرج کے قریب بھی متعدد دھماکوں کی اطلاعات موصول ہوئی تھیں۔ تاحال حملوں سے ہونے والے نقصان کی نوعیت اور حجم واضح نہیں ہو سکا ہے۔ سرکاری میڈیا کے مطابق اصفہان کے مقامی حکام نے بتایا ہے کہ وہاں کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی، جبکہ ملک کے دیگر علاقوں سے نقصانات یا ممکنہ ہلاکتوں کے بارے میں مزید تفصیلات سامنے نہیں آئی ہیں۔ ایرانی میڈیا کا کہنا ہے کہ نقصان کی تفصیلات اور ممکنہ جانی نقصانات کے حوالے سے مزید معلومات بعد میں جاری کی جائیں گی۔ اس دوران ایران بھر میں اسرائیل اور امریکہ مخالف مظاہرے اور ریلیاں نکالی جا رہی ہیں۔ ادھر ایران نے پیر کی صبح ایک بار پھر اسرائیل پر میزائل داغے ہیں۔ گزشتہ رات بھی شمالی اسرائیل پر ایرانی میزائلوں کی بارش کردی گئی تھی، جو اپریل کی جنگ بندی کے بعد پہلا بڑا حملہ قرار دیا جا رہا ہے۔ مقبوضہ بیت المقدس، وسطی اور جنوبی اسرائیل پر بھی مزید میزائل فائر کیے گئے۔ اسرائیلی دفاعی افواج کی جانب سے جاری ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ ایران سے اسرائیلی علاقے کی جانب ایک مرتبہ پھر میزائل داغے گئے ہیں۔ اسرائیلی فضائیہ کے سرکاری ایکس اکاؤنٹ پر جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ دفاعی نظام ان میزائلوں کو روکنے کے لیے فعال ہو گیا ہے۔ گزشتہ چند منٹوں میں ہوم فرنٹ کمانڈ نے متعلقہ علاقوں میں براہ راست موبائل فونز پر ابتدائی ہدایات جاری کی ہیں۔ اسرائیلی حکام نے عوام سے ذمہ داری کا مظاہرہ کرنے اور جاری کردہ ہدایات پر عمل کرنے کی اپیل کی ہے، جس کے بارے میں کہا گیا ہے کہ یہ ہدایات جانیں بچانے کے لیے انتہائی اہم ہیں۔ عوام کو ہدایت کی گئی ہے کہ الرٹ موصول ہوتے ہی فوری طور پر محفوظ پناہ گاہوں میں داخل ہو جائیں اور اگلے اعلان تک وہیں موجود رہیں۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ محفوظ مقامات سے باہر نکلنے کی اجازت صرف واضح ہدایت کے بعد دی جائے گی اور شہریوں کو ہوم فرنٹ کمانڈ کی ہدایات پر مسلسل عمل جاری رکھنے کی تاکید کی گئی ہے۔ اسرائیلی دفاعی افواج کی جانب سے جاری ہونے والے ایک بیان میں یہ دعویٰ بھی کیا گیا ہے کہ یمن سے اسرائیلی علاقے کی جانب ایک میزائل داغے جانے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ اسرائیلی فوج کے مطابق فضائی دفاعی نظام اس خطرے کو ناکام بنانے کیلئے متحرک ہو گیا ہے اور میزائل کو فضا میں ہی تباہ کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ ایران کے میزائل حملوں کے بعد اسرائیل کے مرکزی بن گورین ایئرپورٹ پر ایمرجنسی نافذ کر دی گئی۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق اسرائیلی وزارت ٹرانسپورٹ، ایئرپورٹ اتھارٹی اور ہوم فرنٹ کمانڈ کا ہنگامی اجلاس ہوا جس میں سکیورٹی صورتحال کے پیش نظر بن گورین ایئرپورٹ پر نئی پابندیاں عائد کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اسرائیلی میڈیا کا اسرائیلی حکام کے حوالے سے کہنا ہے کہ فضائی آپریشنز کیلئے ہنگامی منصوبہ تیار کرلیا گیا ہے، جنگ بڑھنے پر مسافر طیاروں کو فوری طور پر ملک سے منتقل کیا جا سکتا ہے۔ رپورٹس کے مطابق بن گورین ایئرپورٹ پر مسافروں کی تعداد 2500 تک محدود کرنے پر غور کیا گیا ہے، اسرائیلی حکام کا کہنا ہے کہ ایئرپورٹ کا اسٹاف اور مسافروں کی مجموعی تعداد 2500 تک ہونی چاہیے۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق نابلس کے قریب اسرائیلی قبضہ بستی میں ایرانی میزائلوں سے چار عمارتوں کو نقصان پہنچا۔ اسرائیلی میڈیا کا کہنا ہے کہ ایران سے داغے گئے میزائل کے گرنے سے متعدد مکانات کو نقصان پہنچا، اسرائیلی افواج کے بھرتی سینٹر کے قریب بھی میزائل گرے، میزائل حملے سے متعدد املاک کو بھاری نقصان ہوا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایرانی میزائل سے کوئی جانی نقصان رپورٹ نہیں ہوا، اسرائیلی حکام کا دعویٰ ہے کہ ایرانی حملوں میں صرف مالی نقصان ہوا۔ اسرائیلی اخبار ٹائمز آف اسرائیل کے مطابق مقبوضہ بیت المقدس، تل ابیب اور وسطی اسرائیل کے گردونواح میں خطرے کے سائرن بجائے گئے ہیں۔ بعدازاں اسرائیلی فوج نے اپنی صورتحال کے جائزے کے بعد اعلان کیا کہ ملک کے تمام علاقوں میں شہری اب محفوظ پناہ گاہوں سے باہر آ سکتے ہیں۔ دریں اثنا ایرانی پاسداران انقلاب نے دعویٰ کیا ہے کہ مقبوضہ فلسطینی علاقوں میں واقع دو فضائی اڈوں کو نشانہ بنایا گیا ہے۔ ایرانی خبررساں ادارے تسنیم کے مطابق پاسداران انقلاب کے شعبہ تعلقات عامہ کی جانب سے معلومات کے مطابق پیر کی صبح اسرائیلی فضائیہ کے تل نوف اور نواتیم ایئربیسز کو ہدف بنایا گیا۔

بقیہ 2 — بجٹ تجاویز

مشاورت جاری رکھیں گی۔ خیال رہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کی سربراہی میں حکومتی ٹیم پیپلز پارٹی وفد کے ساتھ ملاقات کیلئے ایوان صدر پہنچی جہاں صدر مملکت نے وزیراعظم کا استقبال کیا۔ ذرائع کے مطابق نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، وفاقی وزرا اور وزارت خزانہ کے حکام وزیراعظم کے ساتھ موجود تھے۔ دوسری جانب بلاول بھٹو زرداری پیپلز پارٹی کے وفد کی قیادت کررہے تھے، جبکہ پیپلز پارٹی کی بجٹ کمیٹی کے ارکان بھی بلاول بھٹو زرداری اور صدر مملکت کے ہمراہ موجود تھے۔ ذرائع نے بتایا کہ ایوان صدر میں ہونے والی اس ملاقات میں وفاقی بجٹ سمیت دیگر اہم امور پر گفتگو کی گئی جبکہ آزاد کشمیر کی حالیہ صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وزیراعظم آزاد کشمیر بھی ملاقات میں شریک تھے۔ ذرائع نے بتایا کہ ملاقات کے دوران وزیراعظم شہباز شریف نے گلگت بلتستان الیکشن میں کامیابی پر صدر مملکت آصف علی زرداری کو مبارکباد دی۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم نے مسکراتے ہوئے کہا، نوجوان بلاول نے ہم سے بہتر انتخابی مہم چلائی جس پر صدر مملکت نے مسکراتے ہوئے جواب دیا، آخر بیٹا کس کا ہے؟) بجٹ تجاویز پر پاکستان پیپلز پارٹی کے تحفظات دور کرنے کیلئے ایوان صدر میں صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف کے درمیان اہم ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں حکومت اور پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت کے درمیان بجٹ سمیت دیگر اہم سیاسی و معاشی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال اور وزارت خزانہ کے اعلیٰ حکام بھی شریک ہوئے۔ پیپلز پارٹی کی جانب سے بلاول بھٹو زرداری، وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ، نوید قمر اور شیری رحمان نے شرکت کی۔ حکومت اور پیپلز پارٹی کا ایک دوسرے کی بیشتر بجٹ تجاویز پر اتفاق ہوگیا ہے، جبکہ قابل عمل نکات پر تکنیکی کمیٹیاں مشاورت کا عمل جاری رکھیں گی۔ وسائل اور درپیش مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے دونوں فریق ایک دوسرے کیلئے گنجائش پیدا کریں گے، جبکہ پیپلز پارٹی نے بجٹ کی منظوری میں تعاون کیلئے گرین سگنل بھی دے دیا ہے۔ ملاقات کے دوران وزیراعظم شہباز شریف نے گلگت بلتستان کے انتخابات میں کامیابی پر صدر آصف علی زرداری کو مبارکباد بھی دی۔ ملاقات سے قبل بلاول بھٹو زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف کے درمیان الگ ملاقات بھی ہوئی، جس میں بلاول بھٹو زرداری نے آزاد کشمیر سے متعلق سیاسی صورتحال وزیراعظم کے سامنے رکھی۔ اس موقع پر بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ تمام معاملات بات چیت اور مذاکرات کے ذریعے حل کیے جانے چاہئیں۔ وزیراعظم ہاؤس میں وزیراعظم محمد شہباز شریف اور چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) بلاول بھٹو زرداری کے درمیان ایک انتہائی اہم ملاقات ہوئی ہے، جس میں آزاد جموں و کشمیر کی موجودہ سیاسی و انتظامی صورتحال پر تفصیلی مشاورت کی گئی اور پیپلز پارٹی کا موقف سامنے آیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے آزاد کشمیر کے معاملات اور وہاں درپیش حالیہ چیلنجز پر گہرائی سے تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات میں چیئرمین پی پی پی بلاول بھٹو زرداری نے وزیراعظم شہباز شریف کو آزاد جموں و کشمیر کی موجودہ ویلیو، عوامی ردعمل اور وہاں کے اصل زمینی حقائق سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ بلاول بھٹو زرداری نے مسائل کے حل کے لیے سیاسی اور جمہوری راستے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ آزاد کشمیر کے تمام سیاسی و انتظامی مسائل کا حل سیاسی بصیرت اور پارلیمانی راستے سے ہی ممکن ہے۔ عوام کے تحفظات کو دور کرنے کے لیے جمہوری مکالمے کا آغاز کیا جانا چاہیے۔ دوسری جانب ذرائع کے مطابق حکومت پاکستان نے آزاد کشمیر کی صورتحال پر اپنا موقف واضح کرتے ہوئے کہا ہے کہ خطے میں امن و امان کا قیام سب سے مقدم ہے۔ حکومت نے واضح کیا کہ امن، استحکام اور قانون کی بالادستی پر کسی قسم کا کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ آزاد کشمیر میں امن وامان کو برقرار رکھنے اور شرپسند عناصر سے نمٹنے کے لیے وفاق کی جانب سے طاقت کی پالیسی کا سلسلہ جاری رہا ہے گا۔ سیاسی مبصرین کے مطابق وزیراعظم اور چیئرمین پیپلز پارٹی کی اس ملاقات کو آزاد کشمیر کے مستقبل کے سیاسی و انتظامی فیصلوں کے تناظر میں انتہائی اہمیت کا حامل قرار دیا جا رہا ہے، جہاں ایک طرف وفاق قانون کی بالادستی کے لیے سخت موقف اپنائے ہوئے ہے تو دوسری طرف پیپلز پارٹی مذاکرات اور سیاسی حل کی حامی ہے۔ گلگت بلتستان میں حکومت بننے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق گلگت بلتستان میں پیپلز پارٹی اور ن لیگ کا اتحاد پی ڈی ایم طرز پر ہوسکتا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ گلگت بلتستان میں وزیراعلیٰ پیپلز پارٹی کا ہوگا، گورنر مسلم لیگ ن کا ہوسکتا ہے۔ ذرائع کے مطابق گلگت بلتستان میں اتحادی حکومت میں وزارتوں کی تقسیم کا 60/40 کا فارمولا ہوگا

بقیہ 3 — پاکستان

ہے کہ پاکستان اور آزاد کشمیر کے اندرونی معاملات میں مداخلت سے گریز کریں۔ ترجمان نے کہا کہ یہ افراد اپنے ملک کی مثبت ترقی میں کردار ادا کریں۔ پاکستان محض برطانوی اراکین پارلیمنٹ کے غیر ضروری بیانات اور سوالات کا بھی نوٹس لیتا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ یہ بیانات برطانوی اراکین پارلیمنٹ کے اس مسئلے کے تاریخی پس منظر سے عدم واقفیت کے عکاس ہیں۔

بقیہ 4 — مسعود پزشکیان

کے حقوق کا بھرپور دفاع کریں گے اور کسی خطرے سے پیچھے نہیں ہٹیں گے، نہ محاذ چھوڑا اور نہ ہی مذاکرات کا راستہ ترک کیا۔ مسعود پزشکیان نے مزید کہا کہ اتحاد اور دانشمندی سے ایران اس آزمائش سے بھی کامیاب ہوکر نکلے گا

بقیہ 5 — احسن اقبال

مکمل ہوگئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ایس ڈی پی پر حکومت اور اتحادیوں کے درمیان معاملات پر انڈر اسٹینڈنگ ہے، وفاق چھوٹے صوبوں پر آئندہ مالی سال کے بجٹ میں زیادہ پیسا خرچ کرے گا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وفاق سب سے زیادہ بلوچستان، پھر سندھ تیسرے نمبر پر خیبر پختونخوا کو دے گا، پنجاب کو سب سے کم فنڈز دے گا۔ احسن اقبال نے کہا کہ بلوچستان کے ترقیاتی منصوبوں پر 265 ارب خرچ کیے جائیں گے، وفاق آئندہ بجٹ میں سندھ کے ترقیاتی منصوبوں پر 195 ارب خرچ کرے گا۔

بقیہ 6 — تحقیقات کا حکم

اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کا حکم دے دیا ہے۔ معاون وزیراعلیٰ بلوچستان برائے سیاسی و میڈیا امور شاہد رند نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کی خصوصی ہدایت پر واقعے کے تمام پہلوؤں کا جامع جائزہ لیا جا رہا ہے اور متعلقہ اداروں کو حقائق تک پہنچنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کی ہدایت جاری کردی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ خودکشی سے قبل ویڈیو پیغام ریکارڈ کرنے والے متوفی آصف علی کے بیان کی روشنی میں دو مشتبہ سرکاری ملازمین کو حراست میں لے لیا گیا ہے

بقیہ 7 — وزیراعظم

موقع دینے اور تشدد اور تباہی کے راستے کی بجائے امن اور سفارتکاری کی راہ پر قائم رہنے کی اپیل کی ہے۔ پیر کو وزیراعظم محمد شہباز شریف نے "ایکس" پر اپنے پیغام میں کہا کہ مشرق وسطیٰ میں حالیہ تشدد میں اضافہ اس بات کی واضح یاد دہانی ہے کہ ایک کمزور اور غیر مستحکم جنگ بندی کتنے سنگین خطرات اور ناقابل برداشت نتائج کا باعث بن سکتی ہے۔

بقیہ 8 — پی ٹی آئی

سے باہر نکالا گیا۔ بیرسٹر گوہر نے دعویٰ کیا کہ ہم 8 نشستوں پر 100 فیصد جیت رہے تھے جن کا فارم 47 ملنا چاہیے تھا، اس وقت تک ہمارے پاس 3 حلقوں کے فارم 47 موجود ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ حلف کے دن گلگت بلتستان میں یوم سیاہ منائیں گے۔ پاکستان تحریک انصاف نے گلگت بلتستان کے انتخابات کو مسترد کرتے ہوئے دھاندلی کیخلاف احتجاج اور وائٹ پیپر جاری کرنے کا اعلان کردیا۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ ہم اسے جعلی اور دھاندلی زدہ انتخابات قرار دیتے ہیں، حلف والے دن گلگت بلتستان میں یوم سیاہ منائیں گے۔

بقیہ 9 — کوششیں تیز

انوار چوہدری نے اس سلسلے میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ٹیلیفونک رابطہ کیا اور پاکستانی عملے کی بحفاظت واپسی کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا۔ چیئرمین انوار چوہدری نے کہا کہ اپریل میں واقعہ کی اطلاع ملتے ہی انسانی ہمدردی کے تحت کوششیں شروع کی گئی تھیں۔

بقیہ 10 — لاعلم

قومی اسمبلی کے حکام تاحال لاعلم، حتمی فیصلہ وزیراعظم اور صدر مملکت کی ملاقات کے بعد ہوگا۔ قومی اسمبلی ذرائع کے مطابق قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کو 10 جون کو بجٹ اجلاس کی طلبی سے متعلق صدر کی طرف سے ابھی تک کوئی سمن موصول نہیں ہوا ہے۔

بقیہ 11 — وزیراعلیٰ

کہا کہ بلوچستان تقریباً 770 کلومیٹر طویل ساحلی پٹی کا حامل صوبہ ہے جو نہ صرف پاکستان کی جغرافیائی اہمیت میں اضافہ کرتی ہے بلکہ ملکی معیشت، بین الاقوامی تجارت اور سمندری سرگرمیوں کے فروغ میں بھی کلیدی کردار ادا کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گوادر سمیت بلوچستان کے ساحلی علاقے بلیو اکانومی، ماہی گیری، ساحلی سیاحت اور سرمایہ کاری کے بے شمار مواقع فراہم کرتے ہیں جن سے مؤثر انداز میں استفادہ کرکے معاشی ترقی اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کیے جاسکتے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ دنیا بھر کی طرح ہمارے سمندر بھی ماحولیاتی آلودگی، پلاسٹک ویسٹ، غیر قانونی شکار اور موسمیاتی تبدیلیوں کے منفی اثرات کا سامنا کررہے ہیں۔

بقیہ 12 — بلاول بھٹو

کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی سب سے بڑی جماعت بن کر ابھر رہی ہے، حکومت بنانے کی کوشش کریں گے۔ پیپلز پارٹی کی نائب صدر شیری رحمان نے جیت پر آصفہ اور بلاول بھٹو کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام نے ترقی، جمہوریت اور خدمت کے ایجنڈے کو ووٹ دیا۔ دوسری جانب مرکزی سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی نیئر بخاری نے الیکشن کمیشن سے تمام نتائج جلد جاری کرنے کا مطالبہ کیا۔

بقیہ 13 — بے حرمتی کی ویڈیو

میں پرتشدد حملے اور شہید پولیس اہلکار کی لاش کی بے حرمتی کرتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے۔ ماہرین کے مطابق احتجاج کی آڑ میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں پر حملوں نے ان کے مذموم عزائم کو بے نقاب کردیا ہے۔

بقیہ 14 — ایرانی وزیر خارجہ

ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ پاکستان کے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے بات ہوئی جنہوں نے امریکہ اور ایران کے درمیان ثالثی کی کوششوں میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے برطانیہ اور ترکیہ کے وزرائے خارجہ سے بھی فون پر گفتگو کی۔

بقیہ 15 — خودکشی

میں لے لیا گیا تھا۔ ہسپتال منتقل کرکے ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا اور جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کرکے تحقیقات شروع کردی۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ کے علاقے وحدت کالونی میں ایک شخص محمد آصف نے فائرنگ کرکے اپنی بیوی مسماۃ (ز) اور 14 سالہ حدیقہ، 12 سالہ حورین، 6 سالہ علینہ اور ڈیڑھ سالہ میرب کو قتل کردیا اور بعد میں اپنے آپ کو گولی مار کر خودکشی کرنے کی کوشش کی جو شدید زخمی ہوگیا۔ واقعہ کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی علاقے کو گھیرے میں لے کر لاشیں ہسپتال منتقل کردیں اور ملزم کو زخمی حالت میں حراست میں لے کر ہسپتال منتقل کردیا۔ لاشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی۔ بتایا جاتا ہے کہ ملزم سیکرٹریٹ میں ملازم تھا۔ تاحال قتل کی وجہ معلوم نہیں ہوسکی۔ پولیس نے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کرکے مختلف پہلوؤں پر تحقیقات شروع کردی ہے۔ مزید کارروائی پولیس کررہی ہے۔

بقیہ 16 — سن اسٹروک

کے مطابق پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث شدید گرمی کی لہروں کا سامنا کر رہا ہے جس کے نتیجے میں گرمی سے متعلق بیماریوں اور اموات کے خطرات میں اضافہ ہو رہا ہے۔

بقیہ 17 — مذاکرات کی دعوت

تو انسانی جانوں کے ضیاع کے بدلے حاصل ہونے والی جیت کو، میں جیت تصور نہیں کروں گا۔ بی بی سی اردو کو دیے گئے ایک خصوصی انٹرویو کے دوران جب وزیراعظم فیصل ممتاز راٹھور سے سوال کیا گیا کہ کیا وہ اپنی حکومت کی جانب سے کالعدم قرار دیے جانے کے بعد بھی جوائنٹ ایکشن کمیٹی سے بات کرنے کو تیار ہیں؟ تو ان کا کہنا تھا کہ جب طالبان سے بات چیت ہو سکتی ہے، تو ان سے کیوں نہیں؟ پاکستان کے زیر انتظام کشمیر میں صورتحال کشیدہ ہے اور اس کا سبب حال ہی میں کالعدم قرار دی گئی جموں کشمیر جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں کے درمیان گذشتہ رات ضلع راولاکوٹ میں سی ایم ایچ کے سامنے ہونے والی پرتشدد جھڑپیں ہیں۔

بقیہ 18 — احتجاجی تحریک

خزانہ کے سامنے جبکہ کل 10 جون کو پارلیمنٹ ہاؤس کے سامنے ملک گیر سطح کے دھرنے دیے جائیں گے، ان احتجاجی دھرنوں میں ملک بھر سے سرکاری ملازمین کے نمائندہ وفود شرکت کریں گے۔

بقیہ 19 — تحفظات

مینڈیٹ پر شب خون مارنے کی کوشش قابل قبول نہیں۔ گلگت بلتستان انتخابات کے نتائج پر عبدالغفور حیدری نے کہا کہ جے یو آئی امیدوار کی جیت کو ہار میں بدلنے کی کوشش کی گئی۔

بقیہ 20 — بلوچستان پولیس

گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں پر مسلح دہشتگردوں کے راکٹ لانچر، دستی بموں اور جدید ہتھیاروں سے حملے سے ایک خاتون اور ایک مرد جان کی بازی ہار گئے جبکہ 18 سے زائد شہری زخمی ہوئے۔ پولیس نے فوری طور پر زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز 50 سے 60 دہشت گردوں نے 40/50 موٹر سائیکلوں اور 03 پک اپ گاڑیوں پر سوار درجنوں مسلح افراد نے جدید ہتھیاروں، راکٹ لانچروں اور دستی بموں سے تھانہ گریشا اور نال پر حملہ کیا۔ تھانوں میں موجود ایف سی، پولیس اسکواڈ کے عملے نے جوانمردی سے دہشتگردوں کا مقابلہ کرتے ہوئے ان کے حملے کو پسپا کر دیا، دہشتگردوں کے حملے کے نتیجے میں ایک خاتون اور مرد جان کی بازی ہار گئے

بقیہ 21 — جی بی انتخابات

ہے۔ گلگت بلتستان اسمبلی کے انتخابات کیلئے مختلف پولنگ اسٹیشنوں پر صبح سے ہی ووٹرز کا رش رہا اور لوگ ووٹ ڈالنے کیلئے لمبی قطاروں میں کھڑے رہے۔ پولنگ بغیر کسی وقفے کے شام 5 بجے تک جاری رہی۔ پولنگ کے بعد غیر حتمی اور غیر سرکاری نتائج کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی نے 9، آزاد امیدواروں نے 6، مسلم لیگ (ن) نے 3 اور مجلس وحدت مسلمین نے ایک نشست حاصل کرلی۔

بقیہ 22 — علیمہ خان

ختم ہوگی۔ راولپنڈی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علیمہ خان نے کہا کہ نوجوان خوفزدہ ہوکر بیرون ممالک جارہے ہیں، عدلیہ آزاد نہ ہوتو سرمایہ کاری آئے گی نہ ترقی ہوگی۔ علیمہ خان نے کہا کہ ججز مجبور بنادیے گئے ہیں، انہیں کہا جاتا ہے تو وہ سزا دے دیتے ہیں، حق بولنے پر ہمیں سزا دیتی ہے تو بسم اللہ ہیں ہم مجبور نہیں۔

بقیہ 23 — راجا ناصر عباس

سوالات اٹھاتے ہیں، گلگت بلتستان میں بلیک آؤٹ حقائق چھپانے کی کوششیں ہیں، عوامی مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈال کر نتائج تقسیم کیے گئے، پی ٹی آئی امیدواروں کو مساوی انتخابی مواقع فراہم نہیں کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی مداخلت اور گراؤنڈ پر قبضے سے انتخابی ماحول متاثر ہوا، گلگت بلتستان میں بڑھتی محرومیاں اور وسائل پر قبضے کی کوششیں ہیں، منتخب حکومت کو ہٹانے اور وفاداریاں تبدیل کرانے کی روایت جاری رہی ہے، عوام کے حقیقی نمائندوں کو سامنے آنے سے روکا جارہا ہے۔

بقیہ 24 — شیری رحمان

تقسیم اور انتشار کی سیاست کو مسترد کرتے ہوئے ترقی، جمہوریت اور عوامی خدمت کے ایجنڈے پر اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ اپنے بیان میں شیری رحمان نے کہا کہ اس شاندار کامیابی پر خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری اور چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری خصوصی خراج تحسین کے مستحق ہیں۔

بقیہ 25 — فرانسیسی جریدہ

مطابق بھارت نے اپریل 2025 کے پہلگام واقعے کے بعد پانی کو سیاسی دباؤ کے ہتھیار کے طور پر استعمال کیا۔ سندھ طاس معاہدہ یکطرفہ طور پر معطل نہیں کیا جاسکتا، اس میں تبدیلی صرف دونوں ممالک کے اتفاق سے ممکن ہے۔

بقیہ 26 — محمود اچکزئی

اپوزیشن اتحاد تحریک تحفظ آئین پاکستان ملک کی موجودہ صورتحال پر نہایت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت کو طاقت کے نشے میں اندھا دھند اقدامات کرنے پر متنبہ کرتا ہے۔ یہ اتحاد آزاد کشمیر میں امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال اور دونوں جانب سے ہونے والے قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے رنج و افسوس کا اظہار کرتا ہے۔ وہاں کی حکومت اور مقتدر قوتوں کو چاہیے کہ وہ آزاد کشمیر کی محروم امن عامہ اور عوام کے جائز مطالبات پر سنجیدہ رویہ اپنائیں اور تمام معاملات کو بات چیت کے ذریعے حل کریں۔ عوام کی کسی بھی نمائندہ تنظیم پر پابندی لگانا مسئلے کا حل نہیں ہے اور نہ ہی طاقت کے بل بوتے پر عوامی رائے کو تبدیل کیا جاسکتا ہے۔ دشمن آزاد کشمیر کے حالات پر نظریں جمائے بیٹھا ہے، لہٰذا ایسے میں کوئی بھی غلط اقدام معاملات کو مزید بگاڑنے کا سبب بن سکتا ہے۔ یہ اتحاد گلگت بلتستان کے انتخابات میں اپوزیشن، بالخصوص پاکستان تحریک انصاف کو مختلف ہتھکنڈوں کے ذریعے جمہوری عمل سے باہر رکھنے کی کوششوں اور 2024ء کے عام انتخابات کے "ایکشن ری پلے" پر شدید اظہار تاسف کرتا ہے اور انتخابی نتائج کو مکمل طور پر مسترد کرتا ہے۔ جب فیصلے کہیں اور ہوتے ہیں، تو پھر ملک میں انتخابات محض تکلفاً کرانے کی کیا تک باقی رہ جاتی ہے؟ اب نہ ہی الیکشن کمیشن کی کوئی ساکھ باقی رہ گئی ہے اور نہ ہی انتخابی عمل کی۔ یاد رہے کہ عوامی مقبولیت دلوں میں بنائی جاتی ہے، اسے چھینا یا چوری نہیں کیا جاسکتا۔

بقیہ 27 — وزیراعظم

مزید تاخیر کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔ وفاقی بجٹ اب 10 جون کے بجائے 12 جون کو پیش کیے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ حکومت نے قومی اقتصادی کونسل کا پیر کو ہونے والا اجلاس ملتوی کردیا ہے۔ اس اجلاس میں آئندہ مالی سال کے قومی ترقیاتی بجٹ کی منظوری کے لیے اہم تجاویز پیش کی جانی تھیں، تاہم اس اجلاس کو مؤخر کردیا گیا ہے۔ حکومتی ذرائع کے مطابق اجلاس کی صدارت وزیراعظم شہباز شریف نے کرنا تھی جبکہ اجلاس کے نئے شیڈول کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ قومی اقتصادی کونسل کے اجلاس میں ترقیاتی بجٹ اور ترقیاتی ترجیحات کا جائزہ لیا جانا تھا۔

بقیہ 28 — پیکا ایکٹ

کا حکم دیدیا۔ ڈسٹرکٹ کورٹ میں اداروں پر گمراہ کن الزامات کے درج مقدمہ کی سماعت ہوئی جس میں عدالت نے مسلسل عدم پیشی پر وزیراعلیٰ کے پی کے سہیل آفریدی کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری کو برقرار رکھا۔

بقیہ 29 — دولت خان قتل

کے سامنے موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کا نشانہ بنایا، پولیس ذرائع کے مطابق قلعہ عبداللہ: دولت خان پیرعلیزئی کی لاش کو ٹراما سینٹر سول ہسپتال منتقل کردیا گیا، پولیس ذرائع نے بتایا کہ جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کرکے مزید معلومات حاصل کی جارہی ہے قلعہ عبداللہ: فائرنگ کے واقعے میں دو افراد زخمی ہوگئے ہیں۔ قلعہ عبداللہ سے اطلاعات کے مطابق جنگل پیرعلیزئی میں فائرنگ سے جوان ہلاک ہوگیا اطلاع کے مطابق آج شام جنگل پیر علیزئی کے بازار میں عوامی نیشنل پارٹی کے ضلعی سیکرٹری اطلاعات دولت خان پیر علیزئی اپنے میڈیکل کے سامنے بیٹھے ہوئے تھے کہ نامعلوم ملزمان نے فائرنگ کرکے دولت پیرعلیزئی کو موقع پر ہلاک کردیا دو افراد شدید زخمی ہوگئے ملزمان موقع سے باآسانی فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے

بقیہ 30 — سپریم کورٹ

مسترد کرتے ہوئے عمر قید کی سزا برقرار رکھنے کا فیصلہ دے دیا۔ سپریم کورٹ نے تاریخی فیصلہ دیا کہ ہائی کورٹس تیزاب گردی کے کیسز کا ٹرائل ہر صورت 4 ماہ میں مکمل کریں عام شہریوں کو تیزاب کی کھلی فروخت پر مکمل پابندی لگائی جائے، حکومت تیزاب کے متاثرین کے لیے "قومی بحالی فنڈ" قائم کرے۔ پیر کو جسٹس ہاشم کاکڑ کی سربراہی میں جسٹس صلاح الدین پنہور جسٹس اشتیاق ابراہیم پر مشتمل بینچ نے سماعت کی۔ کیس کا 13 صفحات پر مشتمل فیصلہ جسٹس ہاشم خان کاکڑ نے تحریر کیا۔ عدالت نے فیصل آباد کی خاتون اقرا پروین پر تیزاب پھینکنے والے عبدالمنان کی درخواست خارج کردی۔ سپریم کورٹ نے مجرم عبدالمنان کی عمرقید کا فیصلہ برقرار رکھا۔ عدالت کا متاثرہ خاتون کو 10 لاکھ روپے معاوضہ دینے کا حکم دے دیا۔ سپریم کورٹ نے فیصلے میں کہا کہ وحشیانہ اور پہلے سے منصوبہ بندی کیے گئے جرم میں کم عمری کی ڈھال استعمال نہیں ہوسکتی، تیزاب کا حملہ قتل سے بھی زیادہ ہولناک جرم ہے، قتل انسان کو ایک بار ختم کرتا ہے، تیزاب کا شکار شخص روز مرتا اور "زندہ لاش" بن جاتا ہے۔ سپریم کورٹ نے مجرم عبدالمنان کو متاثرہ لڑکی کو 10 لاکھ روپے معاوضہ ادا کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے ہائی کورٹس کو ہدایات جاری کی ہیں کہ تیزاب گردی کے کیسز کا ٹرائل ہر صورت 4 ماہ میں مکمل کیا جائے۔

بقیہ 31 — ڈاکٹر سعدیہ

۔ ڈاکٹر سعدیہ کے مطابق ان کے خاندان میں خواتین کی پڑھائی اور ان کے ملازمت کرنے کا کوئی رواج نہیں تھا۔ "مگر میرے والد ڈاکٹر آدم خان ہمارے خاندان کے پہلے ڈاکٹر ہیں تو انہوں نے مجھے میڈیکل کی تعلیم دلوائی۔" ان کا کہنا تھا کہ "انھیں دیکھ کر ان کی کزن ڈاکٹر ماہ نور ناصر کو بھی تعلیم حاصل کرنے کی تحریک ملی اور میں نے ہر قدم پر جتنا ممکن ہوسکا تھا ماہ نور کو رہنمائی اور مدد فراہم کی۔" ڈاکٹر سعدیہ نے بتایا کہ ان کی کزن ڈاکٹر ماہ نور نے انٹرمیڈیٹ کوئٹہ کے اسلامیہ گرلز کالج سے پاس کیا تھا اور اس کے بعد انھوں نے کوئٹہ انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز سے ایم بی بی ایس کی تعلیم مکمل کی۔ ان کے مطابق ڈاکٹر ماہ نور سرجری میں سپیشلائیزیشن کرنا چاہتی تھیں۔ "ان کے پاس کافی آپشن موجود تھے اور وسائل بھی مگر ڈاکٹر ماہ نور نے سرجری کی تربیت سول ہسپتال سے حاصل کرنے کو ترجیح دی۔" ڈاکٹر ماہ نور ناصر کے بھائی فرحت اللہ ناصر نے بی بی سی سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ان کی بہن کو ڈاکٹر بننے کا شوق تھا

بقیہ 32 — سہیل آفریدی

بصوبے کے مالی و آئینی حقوق، ضم شدہ اضلاع کے ترقیاتی فنڈز، توانائی، گندم کی فراہمی، بجلی منصوبوں اور دیگر اہم بین الحکومتی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعلیٰ محمد سہیل آفریدی نے وفاقی وفد پر واضح کیا کہ خیبرپختونخوا کے ساتھ مسلسل امتیازی اور غیر منصفانہ رویہ اختیار کیا جا رہا ہے اور اگر صوبے کے جائز آئینی و مالی حقوق سے مسلسل انکار کا سلسلہ برقرار رہا تو این ای سی اجلاس میں شرکت مشکل ہو جائے گی۔

بقیہ 33 — پولیس

اداروں پر منصوبہ بندی کے تحت فائرنگ کی گئی۔ ترجمان آئی جی آزاد کشمیر نے بتایا کہ کالعدم ایکشن کمیٹی کے مسلح عناصر نے سی ایم ایچ راولا کوٹ کا محاصرہ کیا جس کے باعث اسپتال کی معمول کی طبی خدمات اور سرگرمیاں شدید متاثر ہوئیں تاہم قانون نافذ کرنے والے اداروں نے بردباری، تحمل اور ذمہ داری کا کیا۔

بقیہ 34 — وزیراعظم کو خط

جاتے ہیں۔ ماہر ڈاکٹر بیرون ملک منتقل ہو رہے ہیں۔ سیکرٹری جنرل پی ایم اے نے خط میں مزید کہا کہ ملک بھر میں ڈاکٹروں کی شدید کمی ہے۔

بقیہ 35 — گورنر بلوچستان

بیٹی پر فخر ہے اور پورے بلوچستان کے عوام مشکل کی اس گھڑی میں ان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ گورنر مندوخیل نے مذکورہ غمزدہ خاندان کو زخمی لیڈی ڈاکٹر کی بہترین طبی دیکھ بھال کو یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ ہم ڈاکٹر ماہ نور کو اپنی اولاد سے ہرگز کم نہیں سمجھتے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ صوبائی حکومت ان کے علاج سے متعلق تمام اخراجات برداشت کر رہی ہے اور روز اول سے ان کے علاج و معالجہ اور صحتیابی پر عزم ہے۔ صوبے کے تمام صحت کے مراکز میں مسیحاؤں کے حوالے سے گورنر مندوخیل نے کہا کہ ہم تمام دستیاب وسائل صحت کی دیکھ بھال کرنے والے ڈاکٹرز اینڈ پیرامیڈیکل اسٹاف کی حفاظت اور وقار کو یقینی بنانے کیلئے کوشاں ہیں

بقیہ 36 — قدر خدمات انجام

خدمت کی ہے اپنے ایک تعزیتی و مذمتی بیان میں انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ دولت خان پیرعلیزئی ایک مخلص، نظریاتی، بہادر اور فعال سیاسی کارکن تھے جنہوں نے عوامی نیشنل پارٹی کے پلیٹ فارم سے عوام کی خدمت، جمہوری اقدار کے فروغ اور پشتون قومی سیاست کیلئے گراں قدر خدمات انجام دیں

بقیہ 37 — اظہار یکجہتی

آپکے جائز مطالبات کے حصول کیلئے آپ کے ساتھ ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے وائی ڈی اے کے وفد کی جانب سے کوئٹہ بار ایسوسی ایشن کے دفتر میں آنے والے وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے وائی ڈی اے کے صدر ڈاکٹر حئی بلوچ، جنرل سیکرٹری ڈاکٹر اسد پانیزئی، نائب صدر ڈاکٹر عابد سمیت دیگر کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ڈاکٹر ماہ نور پر پھینکے جانے والے تیزاب کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اس کے پیچھے چھپے ہوئے محرکات سے آپ بخوبی جانتے ہیں ہم اور آپ قانون کو ماننے والے ہیں انہوں نے کہا کہ ہم قانون کی عملداری اور انصاف کی فراہمی کیلئے آپکے احتجاجی کیمپ میں اظہار یکجہتی کیلئے آئیں گے

بقیہ 38 — سردار عبدالرحمن

سے وابستہ پیشہ ور افراد پر حملے کسی صورت برداشت نہیں کیے جاسکتے۔ ڈاکٹر ماہ نور ناصر مریضوں کی خدمت اور انسانی جانوں کے تحفظ کے مقدس فریضے کی انجام دہی میں مصروف تھیں، اور ان پر ہونے والا یہ حملہ نہ صرف ایک فرد بلکہ پورے معاشرے کے ضمیر پر حملہ ہے۔ سردار عبدالرحمن کھیتران نے ڈاکٹر ماہ نور ناصر اور ان کے اہل خانہ کے ساتھ مکمل ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد صحت یابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ڈاکٹر ماہ نور ناصر کو مکمل صحت و تندرستی عطا فرمائے اور ان کے اہل خانہ کو اس آزمائش کا سامنا کرنے کے لیے صبر و استقامت عطا فرمائے۔

بقیہ 39 — تنظیموں کی مذمت

لیے مریضوں کو مشکلات میں مبتلا کرنا کسی صورت مناسب عمل نہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ بلوچستان کے دور افتادہ علاقوں سے غریب اور نادار مریض کئی کئی گھنٹے سفر کر کے کوئٹہ کے سرکاری اسپتالوں کا رخ کرتے ہیں، تاہم ہڑتال کے باعث انہیں علاج معالجے کی سہولیات میسر نہیں آرہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ حکومت ڈاکٹر ماہ نور ناصر کے حوالے سے انتہائی سنجیدہ ہیں اس ناخوشگوار واقعے کے بعد ڈاکٹر ماہ نور ناصر کو فوری طور پر پیپلز ایئر ایمبولینس کے ذریعے آغا خان ہسپتال پہنچایا گیا جہاں انہیں فوری ٹریٹمنٹ دے کر ان کی جان بچائی گئی ہیں اور ملزم کو بھی جلد جہنم واصل کر دیا گیا ہے آگے انتظامیہ اور ڈاکٹر زیست کر حکمت عملی اپنائے انہوں نے ڈاکٹروں کے اس عمل کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ وہ صرف غریبوں کو علاج و معالجہ سے محروم کر رہے ہیں

بقیہ 40 — موسیانی شہید

ڈپٹی آرگنائزر ڈاکٹر جاوید بلوچ، کمیٹی ممبر میر داس مینگل اور رضا جان شاہی زئی شامل تھے۔ بی این پی کی جانب سے صوبائی جنرل سیکرٹری جہانگیر رند، سبی ڈویژن کے صدر جان بلوچ، عرفان کاکڑ، عارف کاکڑ، احسن اور دیگر رہنما موجود تھے۔ سانحہ زہری (بلبل) پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ بی این پی رہنماؤں نے موقف اختیار کیا کہ پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے رکن اور سابق ناظم سردار نصیر احمد موسیانی کی رہائش گاہ پر آپریشن کے نام پر کارروائی کی گئی، جس میں پرتشدد، گرفتاری اور فائرنگ کی گئی اس واقعہ کے نتیجے میں ان کے نوجوان فرزند، بی این پی ضلع خضدار کے سینئر نائب صدر سردار زادہ خلیل احمد موسیانی شہید ہوئے۔

بقیہ 41 — کام فوری

۔ انہوں نے کہا کہ اجلاس کا مقصد محرم الحرام بالخصوص یوم عاشور کے موقع پر تمام انتظامات کا بروقت جائزہ لینا اور عزاداران کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنا ہے۔ اجلاس کے دوران شیعہ کانفرنس کے نمائندوں نے محرم الحرام کے حوالے سے درپیش مسائل اور ضروریات سے آگاہ کیا۔ کمشنر نے یقین دہانی کرائی کہ تمام جائز مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا اور متعلقہ ادارے مکمل تعاون فراہم کریں گے کمشنر نے میٹروپولیٹن کارپوریشن اور دیگر متعلقہ اداروں کو ہدایت جاری کی کہ جلوسوں کے روٹس پر صفائی ستھرائی، نالیوں کی صفائی، سڑکوں کی مرمت اور پیچ ورک کے کام فوری طور پر مکمل کیے جائیں

بقیہ 42 — فنڈ ریلیز

کیں تاکہ فنڈ ریلیز ہونے سے بچ سکیں چیئرمین اے پی این ایس پیر ہارون شاہ نے کہا کہ گزشتہ چار ماہ سے ادائیگیاں نہ ہونے کے باعث اخبارات شدید مالی مشکلات کا شکار ہیں، جبکہ خیبر پختونخوا میں کمرشل اشتہارات نہ ہونے کے برابر ہیں، اس لیے سرکاری اشتہارات پرنٹ میڈیا کی بقاء کے لیے ناگزیر ہیں۔ انہوں نے پشاور سے شائع ہونے والے اخبارات کو ڈبل اشتہارات میں مناسب نمائندگی دینے پر بھی زور دیا۔ سیکرٹری اطلاعات مطیع اللہ خان نے وفد کو یقین دلایا کہ کوئی فنڈ ریلیز نہیں ہوں گے

بقیہ 43 — ہڑتال کی حمایت

افغان، صوبائی آفس سیکرٹری ملک عمر کاکڑ، نعمت کاکڑ و دیگر بھی موجود تھے۔ ساجد ترین ایڈووکیٹ کی سربراہی میں بی این پی کی مرکزی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن اور سابق ناظم خضدار سردار نصیر احمد موسیانی کے خاندان کے ساتھ پیش آنے والے افسوسناک واقعے کے خلاف بلوچستان نیشنل پارٹی کا 10 جون کو صوبہ بھر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال کی کال سے متعلق پشتونخوا ملی عوامی پارٹی سے اس ہڑتال کی حمایت کے بارے میں بات کی گئی

بقیہ 44 — وقف کر رکھی تھی

کرگئے ہیں جس سے بلوچستان کے عوام کو تجارت و کاروبار کرنے میں شدید مشکلات درپیش ہیں۔ جو مجموعی طور پر بلوچستان کے مفادات کے برخلاف ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ نال عظیم قومی رہنما، اور بابائے بلوچستان میر غوث بخش بزنجو کا آبائی علاقہ ہے، جنہوں نے اپنی پوری زندگی بلوچستان کے عوام کی شعوری سیاسی تربیت جمہوری اقدار کے فروغ اور عوامی خوشحالی کے لیے وقف کر رکھی تھی۔

بقیہ 45 — امن طور پر منتشر

ین نے مطالبہ کیا کہ خواتین کے خلاف اس طرح کے گھناؤنے اقدامات کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق سخت سے سخت کارروائی عمل میں لائی جائے اور جس بھی کسی خاتون کے ساتھ کوئی ہراسانی کا واقعہ پیش آئے اسے فوری طور پر اپنے قریبی عزیزوں کو آگاہ کرنے کے ساتھ ساتھ قانون کا سہارا لینا چاہئے تاکہ ایسے عناصر کو گھناؤنا فعل کرنے سے قبل قانون کے شکنجے میں جکڑا جاسکے مظاہرین اپنے مطالبات کے حق میں نعرہ بازی کرتے ہوئے پرامن طور پر منتشر ہوگئے۔

بقیہ 46 — قرضوں پر انحصار

بجٹ جی ڈی پی کے 17.4 فیصد کے برابر تھی جو 2024 میں کم ہو کر صرف 6.4 فیصد رہ گئی ہے یہ شرح نہ صرف پاکستان کی معاشی ضروریات کے مقابلے میں انتہائی کم ہے بلکہ خطے کے دیگر ممالک سے بھی نمایاں طور پر پیچھے ہے گزشتہ تین برسوں کے دوران پاکستان کا اوسط قومی بچت جی ڈی پی کا صرف 10.9 فیصد رہی جبکہ اسی عرصے میں بنگلہ دیش نے 21 فیصد، بھارت نے 28 فیصد سے زائد اور ویتنام نے تقریباً 30 فیصد جی ڈی پی کے برابر بچت کی کم شرح سرمایہ کاری، صنعتی ترقی، روزگار کے مواقع اور معاشی استحکام کو براہ راست متاثر کرتی ہے جب مقامی بچت کم ہو تو ملک کو ترقیاتی منصوبوں اور مالی ضروریات کیلئے بیرونی قرضوں پر انحصار کرنا پڑتا ہے۔

بقیہ 47 — ذہنی کوفت

گاڑیوں کو قومی شاہراہوں پر لا کر کھڑا کر کے احتجاج کریں گے پھر بھی شنوائی نہ ہوئی تو ہم احتجاج کے دائرہ کار کو وسعت دیتے ہوئے پہیہ جام شٹر ڈاؤن ہڑتال کریں گے جس سے حالات کی تمام تر ذمہ داری حکومت اور متعلقہ حکام پر عائد ہوگی ان خیالات کا اظہار انہوں نے سوموار کو دیگر تنظیموں کے رہنماؤں حاجی شیر علی منگوئی، حاجی اختر کاکڑ، سید عبدالخالق آغا، ڈاکٹر مزمل سمیت دیگر بھی موجود تھے محمد ایوب مریانی اور دیگر نے ڈاکٹر ماہ نور پر تیزاب پھینکنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بزنس کمیونٹی متاثرہ خاتون کی شانہ بشانہ اور بلوچستان میں بدامنی کی بڑھتی ہوئی لہر میں صوبے کی بزنس کمیونٹی، تاجر برادری، ٹرانسپورٹروں، مال بردار گاڑیوں کے مالکان سمیت تمام کاروباری طبقے اور عوام کو ذہنی کوفت میں مبتلا کر رکھا ہے

بقیہ 48 — سردار مسعود خان لونی

ی ڈاکٹر برادری کے ساتھ کھڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹرز معاشرے کا قیمتی اثاثہ ہیں اور ان پر حملے کسی صورت قابل برداشت نہیں۔ سردار مسعود لونی نے وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے ڈاکٹر ماہ نور ناصر کو فوری طور پر ایئر ایمبولینس کے ذریعے کراچی منتقل کرنے کے اقدام کو قابل تحسین قرار دیتے ہوئے کہا کہ بروقت طبی امداد کی فراہمی خوش آئند ہے۔ انہوں نے ڈاکٹر ماہ نور ناصر کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا کہ واقعے کی صاف وشفاف تحقیقات کیا جائے اور جو لوگ براہ راست یا پس پردہ ملوث ان کو گرفتار کرکے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور صوبے بھر میں ڈاکٹروں اور طبی عملے کو مؤثر سکیورٹی اور تحفظ فراہم کیا جائے۔

بقیہ 49 — بخت محمد کاکڑ

ہے متاثرہ ڈاکٹر کی صحت یابی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور محکمہ صحت کی جانب سے ان کے علاج کے تمام مراحل کی مسلسل نگرانی کی جا رہی ہے بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ متعلقہ اسپتال انتظامیہ اور ماہر ڈاکٹروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ ڈاکٹر ماہ نور ناصر کو علاج کی بہترین سہولیات فراہم کی جائیں اور ان کی صحت سے متعلق کسی بھی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اگر ضرورت پیش آئی تو متاثرہ ڈاکٹر کو بیرون ملک منتقل کرنے کے تمام انتظامات بھی کیے جائیں گے تاکہ انہیں جدید ترین طبی سہولیات میسر آسکیں وزیر صحت نے کہا کہ حکومت بلوچستان متاثرہ ڈاکٹر اور ان کے اہل خانہ کے ساتھ کھڑی ہے اور انہیں تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔ انہوں نے یقین دلایا کہ علاج و معالجے کے تمام امور کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جا رہا ہے

بقیہ 50 — چیئرمین نیب

وائٹ کالر کرائم کی تفتیش اور لوٹی ہوئی رقم کی واپسی کی ہو تو دنیا کا کوئی بھی دوسرا ادارہ نیب جتنی گرفت اور توازن نہیں رکھتا۔ ادارہ بلاامتیاز احتساب اور ملکی دولت لوٹنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق سخت ترین کارروائیاں کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے، جس کی نظیر دنیا کے دیگر ممالک میں ملنا مشکل ہے۔ چیئرمین نیب نے کہا کہ ادارہ ملکی قوانین کے دائرہ کار میں رہتے ہوئے ہائی پروفائل کیسز کی میرٹ پر تفتیش کر رہا ہے

بقیہ 51 — مولانا عبدالرحمن رفیق

شاہ لالا، مفتی نیک محمد فاروقی اور حاجی نعمت اللہ اچکزئی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام آج بھی اپنے حقوق کے تحفظ کے لیے جمعیت علماء اسلام پر بھرپور اعتماد رکھتے ہیں۔ جماعت کے عوامی اجتماعات میں عوام کی جوق در جوق شرکت اس بات کی عکاس ہے کہ عوامی حمایت اعتماد اور قوت کا مرکز آج بھی جمعیت علماء اسلام ہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت کی عوامی قوت نے مخالفین کی سیاسی بے چینی میں اضافہ کردیا ہے، جس کے باعث بعض حلقے بے بنیاد تنقید اور منفی پروپیگنڈے کا سہارا لے رہے ہیں۔ تاہم عوام بخوبی جانتے ہیں کہ جمعیت علماء اسلام نے ہر دور میں عوامی مسائل صوبے کے حقوق جمہوری اقدار اور قومی مفادات کے تحفظ کے لیے مؤثر اور اصولی کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام کی قیادت نے ہمیشہ ہر فورم پر بلوچستان اور اس کے عوام کے حقوق کی بھرپور نمائندگی کی ہے۔ عوام کا غیر متزلزل اعتماد اور محبت جماعت کے لیے باعث فخر اور ایک عظیم ذمہ داری ہے جسے ہر قیمت پر برقرار رکھا جائے گا۔ جمعیت علماء اسلام عوامی امنگوں کی ترجمانی اسلامی اقدار کے فروغ اور عوامی حقوق کے حصول کے لیے اپنی جدوجہد پوری قوت اور استقامت کے ساتھ جاری رکھے گی۔

بقیہ 52 — حاجی ولی محمد نورزئی

نے والی ویڈیو کا سخت نوٹس لے لیا ہے۔ پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی محمد نورزئی نے سوشل میڈیا پر چلنے والی ویڈیو پر فوری اور کڑا ایکشن لیتے ہوئے سیکرٹری سوشل ویلفیئر حاجی عصمت قریشی کو تحریری طور پر حکم دیا ہے کہ وہ اس پورے معاملے کی انکوائری کرکے 24 گھنٹوں کے اندر تفصیلی رپورٹ پیش کریں۔ پارلیمانی سیکرٹری کی ہدایت پر ژوب ڈویژن لورالائی میں سوشل ویلفیئر کی سوشل ورکرز کے خالی آسامیوں کے لیے ہونے والے امتحانات کے بعد کے تمام انٹرویوز اور موجودہ ٹیسٹ کو فوری طور پر منسوخ کر دیا گیا ہے، جبکہ ٹیسٹ کے انعقاد اور انتظامات پر مامور غفلت برتنے والی ٹیسٹ انتظامیہ کے خلاف سخت قانونی کارروائی کرنے کا بھی حتمی فیصلہ کر لیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق لورالائی میں ہونے والے سوشل ورکرز کے اس تحریری امتحان کے دوران نقل، ناقص انتظامات اور امیدواروں کی جانب سے موبائل کے استعمال کی ویڈیوز سامنے آئی تھیں جس پر حلقے کے سائلوں کو بچانے اور شفافیت برقرار رکھنے کے لیے یہ ہنگامی قدم اٹھایا گیا ہے

بقیہ 53 — لشکری رئیسانی

صوبے کے ہر فرد پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اپنے قومی وطن کو بحرانوں سے نکالنے اور آنے والی نسلوں کو باعزت پرامن مستقبل فراہم کرنے کیلئے کردار ادا کرے۔ یہ بات انہوں نے المدد اسلامک یونیورسٹی میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا کہ بلوچستان کے اجتماعی قومی امور پر توجہ بنانے کیلئے قومی امور کی غلط نشاندہی کی جاتی ہے جعلی انتخابی نظام کے تحت مسلط پارلیمنٹ سے مسائل کے حل کی توقع نہیں، بحران زدہ سماج سے نکلنے کیلئے تعلیم کو قومی ہدف بنانا ہوگا اس سلسلے میں جامعات طلبا کو تعلیم فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی تربیت بھی کریں تاکہ ایک باوقار سماج تشکیل پائے۔ انہوں نے کہا کہ اس سرزمین کے لوگ ذمہ داری کا احساس اور خوداحتسابی کرکے اجتماعی طور پر بحرانوں میں کمی لائیں۔ انہوں نے کہا کہ اٹھارہویں ترمیم فیڈریشن اور قومی اکائیوں کے درمیان ایک عمرانی معاہدہ تھا لیکن اس پر عملدرآمد نہ کرکے اس کا حلیہ بگاڑا جا رہا ہے۔

بقیہ 54 — اسپیکر بلوچستان

دراز اور پسماندہ علاقوں میں صحت، آبادی کی بہبود، خواتین اور نوجوانوں کی فلاح و ترقی سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر بلوچستان کے دور افتادہ علاقوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی اور عوامی آگاہی کے پروگراموں کو مزید مؤثر بنانے کے امکانات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اسپیکر بلوچستان اسمبلی نے وفد کو صوبے کی جغرافیائی وسعت اور بعض علاقوں میں بنیادی سہولیات کی کمی سے متعلق آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ بین الاقوامی اداروں کا تعاون صوبے کے عوام، بالخصوص خواتین، نوجوانوں اور کمزور طبقات کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لا سکتا ہے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ UNFPA بلوچستان میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے دائرہ کار کو مزید وسعت دے گا۔ وفد نے بلوچستان اسمبلی اور صوبائی حکومت کے ساتھ قریبی تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ادارہ ماں کی صحت، خاندانی بہبود، نوجوانوں کی استعداد کار میں اضافے اور پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول کے لیے اپنی معاونت جاری رکھے گا۔ ملاقات میں باہمی تعاون کو مزید مضبوط بنانے، استعداد کار بڑھانے، عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں میں شراکت داری اور بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں ترقیاتی اقدامات کے فروغ کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ آخر میں اسپیکر بلوچستان اسمبلی نے وفد کا شکریہ ادا کیا اور صوبے کی ترقی و خوشحالی کے لیے مشترکہ کاوشوں کی ضرورت پر زور دیا اور آخر میں اسپیکر بلوچستان اسمبلی کی جانب سے معزز مہمان کو سووینئر پیش کیا گیا۔

بقیہ 55 — عطا تارڑ

میں پاکستان کے کردار اور کوششوں کو سراہا۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ پاکستان ازبکستان کے ساتھ اپنے تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، ازبکستان کے ساتھ مل کر مختصر فلم، دستاویزی فلم یا ڈرامہ سیریز کے آپشنز پر غور کیا جا رہا ہے، اس نوعیت کے منصوبوں کے لئے تجربہ کار پروڈکشن اداروں کی شمولیت ضروری ہے، مشترکہ فنڈنگ کے ذریعے بڑے پیمانے پر فلمی منصوبے کو آگے بڑھایا جا سکتا ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے پاکستان اور ازبکستان کی مشترکہ تاریخ و ثقافتی ورثہ کو اجاگر کرنے پر زور دیا۔ اس مقصد کیلئے دونوں جانب سے سوشل میڈیا ہینڈلز کے درمیان رابطوں کے فروغ، مشترکہ ڈیجیٹل مواد کی تیاری اور مربوط آن لائن تشہیری حکمت عملی اپنانے پر اتفاق کیا گیا۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ پاکستان اور ازبکستان کے درمیان میڈیا اداروں کے مابین تعاون کو مزید وسعت دی جائے گی، اس ضمن میں دونوں جانب سے صحافیوں کے مطالعاتی دورے بھی اہم پیشرفت ثابت ہوں گے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے دونوں ممالک کے درمیان ثقافتی اور میڈیا تعلقات کو نئی جہت دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 56 — جمعیت نظریاتی

بھر کے تمام طبقات اقوام کو ہلا کر رکھ دیا اور حکومتی اداروں کی موجودگی میں ایسے افسوسناک واقعات لمحہ فکریہ ہے بلوچستان کے دیگر علاقے میں بھی حالات تشویشناک رخ اختیار کر رہے ہیں اور حکومت امن و امان کے قیام حکومتی رٹ کا ذمہ دار ہے لیکن حکومت کیا امن کے بحالی میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے آئے روز بدامنی ملک میں مسلسل خونریزی، بدامنی کے واقعات نے عوام کو اضطراب اور بے چینی کی کیفیت سے دوچار کیا ہے عوام سوچنے پر مجبور ہے کہ یہ سب کچھ سوچی سمجھی منصوبے کے تحت امن کو سبوتاژ کرنے کی کوشش ہو رہی ہے بدامنی نے ہر لحاظ سے ملک کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا انہوں نے کہا کہ تمام ارباب اختیار اور قانون نافذ کرنے والے ادارے بدامنی کے مسئلہ کے ذمہ داری اور سنجیدگی سے نہیں لیے، یہ قوم اپنے پیاروں کی جنازوں سے تھک کر ہار چکے ہیں اب تک قوم جنازے اٹھاتے رہنگی ملک کے تمام سیاسی اور مذہبی جماعتوں کی ذمہ داری ہے کہ اتفاق رائے سے قیام امن کے لیے اٹھ کھڑے ہو کر مذموم عزائم کو بے نقاب کرے حکمرانوں نے تو اقتدار کی خاطر ملک کی سلامتی کو داؤ پر لگادیا اور بدامنی کا خمیازہ پوری قوم بھگت رہی ہے یہاں تک کہ اب شہری وسطے آبادیوں پر راکٹ برسائے رہے ہیں عام شاہراہوں پر کنٹیروں تاجروں کیساتھ سنیچر یوبیگاڑیوں اور کوئلہ اور معدنیات بھر یوائی ٹرکوں کو جلانے کی واقعات معمول بن چکے ہیں ریاست کی رٹ کو چیلنج کیا جا رہا ہے جس سے شہری وتمام طبقات پریشانی سے دوچار ہیا اور اپنا پ کو غیر محفوظ سمجھ رہے ہیں عوام کیتحفظ اداروں اور ریاست کی فرض و ذمہ داری ہے اگر ادارے بس ہے تو عوام کو اپنے تحفظ خود کرنے کی اجازت دیا جائے

بقیہ 57 — درخواست منظور

ری کے لیے طلبی کے سمن جاری کردیے۔ عدالت نے آئندہ تاریخ پر علیمہ خان سمیت 11 ملزمان کو طلب کرتے ہوئے سماعت 10 جون تک ملتوی کردی۔

بقیہ 58 — آؤٹ سورس

فرید ایکسپریس، بہاالدین زکریا ایکسپریس، راوی ایکسپریس، لاثانی ایکسپریس، تھل ایکسپریس، میانوالی ایکسپریس، سکھر ایکسپریس، نارووال پسنجر، سیالکوٹ ایکسپریس اور فیض احمد فیض پسنجر شامل ہیں۔ اس سے قبل بھی بعض ٹرینوں کو آؤٹ سورس کرنے کیلئے اوپن نیلامی کی گئی تھی، تاہم اس عمل میں محدود دلچسپی دیکھنے میں آئی۔ ذرائع کے مطابق صرف چند ٹرینوں کی بولی دی گئی جبکہ دیگر ٹرینوں کے لئے کسی کمپنی نے دلچسپی ظاہر نہیں کی۔ ذرائع کے مطابق ایک کمپنی نے میانوالی ایکسپریس حاصل کرنے کے بعد کچھ عرصے میں ہی مختلف وجوہات کا حوالہ دیتے ہوئے اسے واپس کردیا تھا۔

بقیہ 59 — عمر قید کی سزا

مجرمہ کی والدہ نے پیسے دینے سے انکار کیا جس پر شوہر نے اسے تشدد کا نشانہ بنایا۔ وکیل صفائی نے کہا کہ مجرمہ کی عزت کو خطرہ تھا جس پر اس نے دو قتل دیا، مجرمہ 2016 سے جیل میں ہے اور تقریباً 10 سال قید کاٹ چکی ہے۔ پراسیکیوٹر نے کہا کہ مجرمہ نے شوہر کے سر پر وار کیا جس کے نتیجے میں موت واقع ہوئی۔ اس پر جسٹس ہاشم کاکڑ نے کہا کہ عموماً شوہر بیوی کو قتل کرتا ہے، یہ پہلا کیس دیکھا ہے جس میں بیوی نے شوہر کو قتل کیا۔ جسٹس اشتیاق ابراہیم نے کہا کہ اس کیس میں مجرمہ کے دو بھائی بھی نامزد تھے تاہم انہیں بری کردیا گیا

بقیہ 60 — ضروری طبی مشاورت

رے میں دکھانے کا پابند ہوں ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوادر میں تقاریب سے خطاب اور وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا انہوں نے آر ایچ سی ہسپتال سربندن گوادر کا دورہ کیا جہاں انہوں نے عمر فزیو تھراپی ہیلتھ کیئر سینٹر گوادر کی جانب سے منعقدہ مفت او پی ڈی اور طبی معائنے کے کیمپ کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ماہر فزیو تھراپسٹس اور طبی عملے نے مختلف جسمانی، عضلاتی اور اعصابی مسائل میں مبتلا مریضوں کا معائنہ کیا اور انہیں ضروری طبی مشاورت فراہم کی۔

بقیہ 61 — کام کرنا دن بدن

ایک بیان میں ہم واضح کر دینا چاہتے ہیں کہ اس طرح کی بزدلانہ حرکتیں اور کردار کشی کی مہمات ینگ ڈاکٹرز کے حوصلے پست نہیں کرسکتیں۔ ہم اپنے جائز حقوق اور ڈاکٹرز کے تحفظ کیلئے آواز بلند کرتے رہیں گے اس فرسودہ اور انتقامی نظام میں جہاں حق مانگنے پر ذاتیات کو نشانہ بنایا جائے، وہاں باعزت طریقے سے کام کرنا دن بدن ناممکن ہوتا جا رہا ہے

بقیہ 62 — پنجاب حکومت

تین سال کے دوران اربوں روپے خرچ ہوں گے، ہماری خواہش ہے ٹیکس ریٹ کم کیا جائے، کوشش ہے نئے ٹیکس نہ لگائیں بلکہ اس میں کمی لائیں۔ مجتبیٰ شجاع الرحمان کا کہنا تھا کہ ہم 2 بجٹ دے چکے ہیں، اب تیسرا بجٹ دے رہے ہیں، 16 جون کو پنجاب کا بجٹ پیش کیا جائیگا، وزیراعلیٰ مریم نواز کی صحت بہتر ہو رہی ہے، وزیراعلیٰ نے آج سے کام شروع کردیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہمیں سیلاب کا سامنا کرنا پڑا، 27 اضلاع متاثر ہوئے، ایران امریکا جنگ کی وجہ سے معیشت میں خرابی پیدا ہو رہی ہے، ہم نے کفایت شعاری کی مہم شروع کررکھی ہے، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز تنخواہ نہیں لیتیں، صوبائی وزرا اور پارلیمانی سیکرٹریز کو بھی تنخواہیں نہیں دی جا رہیں۔

بقیہ 63 — خوشحال خان کاکڑ

ہے یہ کہ یہاں کے عوام کو اپنے وسائل اور معاملات پر فیصلہ سازی کا حق حاصل نہیں۔ جب تک پشتون عوام کو اپنے وسائل پر اختیار اور اپنی مرضی کے مطابق فیصلے کرنے کا حق نہیں دیا جاتا، اس وقت تک ترقی، خوشحالی اور استحکام کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا۔ انہوں نے زور دیا کہ پشتونوں کے درمیان اتحاد، سیاسی شعور، قومی یکجہتی اور منظم جدوجہد کو فروغ دینا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ خوشحال خان کاکڑ نے مزید کہا کہ ان قومی مقاصد کے حصول کے لیے پشتونخوا وطن کی تمام سیاسی جماعتوں، قومی و سماجی شخصیات، دانشوروں، نوجوانوں اور عوامی حلقوں سے رابطے کرکے ایک مؤثر، منظم اور وسیع عوامی تحریک کا آغاز کیا جائے گا، تاکہ قومی حقوق کے حصول کی جدوجہد کو مزید مضبوط اور فعال بنایا جاسکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نگاندہ اور زرغونہ کے علاقوں میں مقامی شخصیات، سیاسی کارکنوں اور عوام کی پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی میں شمولیت کے سلسلے میں منعقدہ ایک بڑے شمولیتی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجتماع میں سینکڑوں افراد نے شرکت کی، جبکہ پشتون قوم کے سیاسی، معاشی، سماجی اور قومی حقوق کے حوالے سے تفصیلی گفتگو بھی کی گئی۔

بقیہ 64 — فراہمی یقینی بنایا

نہیں ملے گا۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں صلاح الدین کبزئی نے کہا کہ سول ہسپتال بلوچستان کا سب سے بڑا ہسپتال ہے جہاں کوئٹہ کے علاقہ بلوچستان کے دور دراز علاقوں سے لوگ علاج و معالجے کیلئے آتے ہیں سول ہسپتال کوئٹہ میں ایم ایس ڈاکٹر ہادی کاکڑ کی کوششوں سے مریضوں کو مفت ادویات سمیت دیگر سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا گیا ہے اور چوبیس گھنٹے ڈاکٹر اپنی ڈیوٹیوں پر حاضر رہتے ہیں۔ صلاح الدین کبزئی نے کہا کہ بعض عناصر اپنے ذاتی مفادات کے حصول کیلئے ایم ایس ڈاکٹر ہادی کاکڑ کو بے جا تنقید کا نشانہ بناتے ہیں جس کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں ہے ایسے عناصر عوام اور صوبے کے خیرخواہ نہیں ہیں انہیں ناکامی کے سوا کچھ نہیں ملے گا۔ انہوں نے صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، سیکرٹری صحت اور دیگر حکام بالا سے اپیل کی کہ وہ بلا رنگ و نسل عوام کی خدمت کرنے والے ڈاکٹر ہادی کاکڑ کے ساتھ بھرپور تعاون کریں تاکہ مریضوں کو مزید سہولیات کی فراہمی یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ 65 — کارکنوں سے اپیل

ن، صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری عنایت شاہ ایڈووکیٹ سے ملاقات کی۔ اور ساتھ زہری خضدار میں بلوچستان نیشنل پارٹی کے رہنماؤں و کارکنوں پر ریاستی اداروں کے تشدد اور انہیں شہید و زخمی کرنے کے واقعہ کے خلاف 10 جون کو صوبے میں شٹر ڈاؤن ہڑتال اور جمہوری احتجاج کی حمایت کرنے کی استدعا کی پارٹی رہنماؤں نے بلوچستان نیشنل پارٹی کے ساتھ اداروں کے سفاکانہ عمل اور ان کے رہنماؤں کو شہید و زخمی کرنے کے خلاف جمہوری احتجاج اور شٹر ڈاؤن کی حمایت کرتے ہوئے تمام تاجر برادری، باشعور عوام اور سیاسی کارکنوں سے اپیل کی گئی ہے

بقیہ 66 — معاشی مسائل

ہیں جس کے باعث انہیں شدید مالی مشکلات کا سامنا ہے، انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کو چاہیے کہ مہنگائی کی موجودہ شرح کو مدنظر رکھتے ہوئے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں خاطر خواہ اضافہ اور ریٹائرڈ ملازمین کی پنشن میں مناسب اضافہ کرے تاکہ ان کی قوت خرید بحال ہو سکے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ مزدوروں کی کم از کم اجرت 70 ہزار روپے ماہانہ مقرر کی جائے، چاروں اپ گریڈ ٹائپسٹ/کلرک کو بنیادی تنخواہ میں ضم کرکے تمام نئے اسکیلز پر نظرثانی کی جائے جبکہ ملازمین کے کنوینس، میڈیکل اور ہاؤس رینٹ الاؤنس میں کم از کم 200 فیصد اضافہ کیا جائے۔ اس موقع پر انہوں نے امید ظاہر کی کہ وفاقی حکومت بجٹ میں محنت کشوں، سرکاری ملازمین اور پنشنرز کے جائز مطالبات کو ترجیح دے گی تاکہ موجودہ مہنگائی کے دور میں عوام کو کچھ ریلیف مل سکے اور ان کے معاشی مسائل میں کمی واقع ہو۔

بقیہ 67 — اشد ضرورت

فرد پر حملہ بلکہ انسانیت اور سماجی وقار پر حملہ ہے اس کے ساتھ قبائلیت اور بلوچیت کی ذہن رکھنے والوں کے منہ پر طمانچہ بھی ہے۔ ایسے واقعات اس حقیقت کی عکاسی کرتے ہیں کہ معاشرے میں ظلم، جبر، ناانصافی، عدم مساوات اور عدم برداشت کے رجحانات خطرناک حد تک بڑھ چکے ہیں۔ کوئی ایک دن یا ایک لمحے میں جنم لینے والا عمل نہیں بلکہ طویل عرصے سے جاری سماجی ناانصافیوں، محرومیوں اور ریاستی ناکامیوں کا نتیجہ ہے، جس نے معاشرتی توازن کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ [illegible] میر اسد اللہ بلوچ نے کہا کہ اس واقعہ کے بعد مجرم کو پکڑ کر تفتیش کی جاتی تاکہ اس واقعہ کے پس منظر میں چھپے حقیقت کا پتا چلتا مگر ثبوتوں کو ختم کرنے کی خاطر انہیں فائرنگ کرکے قتل کردیا گیا اس عمل سے ذہنوں پر کئی سوال جنم لے چکے ہیں کیونکہ معاشرے میں کرائے کے قاتل عام ہیں مگر اس طرح کے واقعات کو انجام دینے اور اس کے پیچھے محرکات کو جاننے کی اشد ضرورت ہے کہ آخر کیا وجوہات ہیں جن کی بنیاد پر اس طرح کا غیر انسانی واقعہ پیش آیا اس کے مضمرات کو جاننے کی اشد ضرورت ہے۔

پوری قوم کو ڈاکٹر ماہ نور جیسی بہادر بیٹی پر فخر ہے، گورنر بلوچستان

والد حبیب اللہ سے ٹیلی فون پر رابطہ، خصوصی علاج اور پلاسٹک سرجری کا بیرون ملک بندوبست کرنے کی پیشکش کی

ڈاکٹر ماہ نور کو اپنی اولاد سے ہرگز کم نہیں سمجھتے، حکومت علاج سے متعلق تمام اخراجات برداشت کرے گی، جعفر مندوخیل

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے ڈاکٹر ماہ نور کے والد حبیب اللہ سے ٹیلی فون پر رابطہ کیا ... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

پارلیمانی سیکرٹری میر عبدالصمد خان گورگیج کو علاقے کے مکین اپنے مسائل سے آگاہ کر رہے ہیں

محرم الحرام کے دوران متعلقہ ادارے مکمل تعاون کریں گے، کمشنر کوئٹہ

جلوسوں کے روٹس پر سٹریٹ لائٹس درست، صفائی کا نظام بہتر اور سڑکوں کی مرمت کا کام فوری مکمل کیا جائے، شاہزیب خان کاکڑ

کیسکو حکام 7، 8 اور 10 ویں محرم کے دوران بلاتعطل بجلی کی فراہمی یقینی بنائیں تاکہ عزاداران کو دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے

کوئٹہ (آن لائن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ ... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

ایچ ڈی پی کی 10 جون کے ہڑتال کی حمایت کا اعلان

... کے اعلان کردہ شٹرڈاؤن ہڑتال کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ صوبہ پر جن لوگوں کو لاکرز بردستی مسلط کیا گیا ہے انکی وجہ سے عوام گھروں میں بھی محفوظ نہیں، صوبے کی مقدس اسمبلی اب جعلی لوگوں کی وجہ سے حیثیت کھوتی جارہی ہے عوام کو جس اسمبلی سے مسائل حل ہونے کی امید اور اسکے اراکین سے اپنے مشکلات کے سلسلے میں اسمبلی فورم پر آواز اٹھانے کی امید تھی اب جعلی ممبران سے کسی قسم کی امید اور توقع نہیں

جمہوری عمل کو سبوتاژ کرنے کی کوششیں قابل مذمت ہیں، بی این پی

حقیقی جمہوری قوتوں کو دیوار سے لگانے کی پالیسیاں جاری ہیں، پی ٹی آئی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی وفد نے مرکزی لیبر سیکرٹری موسیٰ بلوچ کی قیادت میں پاکستان تحریک انصاف پی ٹی آئی کے صوبائی دفتر کوئٹہ میں ملاقات کی۔ وفد میں پی ایس او کے مرکزی سیکرٹری جنرل صمد بلوچ، بی این پی کی مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین غلام نبی مری اور جاوید بلوچ، بی این پی کوئٹہ کے ضلعی آرگنائزر حاجی وحید لہڑی، .... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

کے پی کے میں بقایاجات کیلئے 40 کروڑ جاری کیے جائیں، اے پی این ایس

چیئرمین پیر ہارون شاہ کی سیکرٹری اطلاعات خیبرپختونخوا سے ملاقات، مالی مسائل پر گفتگو

پشاور (پ ر) آل پاکستان نیوز پیپرز سوسائٹی (اے پی این ایس) خیبرپختونخوا کمیٹی کے چیئرمین پیر ہارون شاہ کی قیادت میں اخبارات کے نمائندہ وفد نے سیکرٹری اطلاعات خیبرپختونخوا مطیع اللہ خان سے ملاقات کی، جس میں اخبارات کے بقایاجات، اشتہارات کے اجراء اور پرنٹ میڈیا کو درپیش مالی مسائل پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ وفد نے مطالبہ کیا کہ اخبارات کے بقایاجات کی ادائیگی کیلئے مختص 40 کروڑ روپے 30 جون سے قبل جاری کیے جا......... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

پشتونخوامیپ نے بی این پی کے شٹرڈاؤن کی حمایت کا اعلان کردیا

ساجد ترین ایڈووکیٹ کی سربراہی میں وفد کی پشتونخوامیپ کے رہنماؤں سے ملاقات

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر ساجد ترین ایڈووکیٹ کی سربراہی میں پارٹی وفد کی پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ آمد اس موقع پر بی این پی کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل ملک نصیر شاہوانی، مرکزی سیکرٹری اطلاعات آغا حسن بلوچ ایڈووکیٹ، مرکزی سیکرٹری لیبر موسیٰ بلوچ، سی ای سی ممبر غلام نبی مری، ثنا بلوچ، چیئرمین جاوید بلوچ اور دیگر بھی موجود۔ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر......... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

اوستہ محمد: مطلوب روپوش ملزم گرفتار

اوستہ محمد (حنیف بلوچ) ... تھانہ ڈیرہ مراد جمالی کی بڑی کارروائی پولیس کو سنگین وارداتوں میں مطلوب روپوش ملزم گرفتار کرلیا عوامی حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی تفصیلات کے مطابق ایس پی نصیرآباد کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ڈی ایس پی ڈیرہ مراد جمالی محمد محسن سولنگی کی نگرانی میں ایس ایچ او پولیس تھانہ صدر انسپکٹر ذوالفقار علی پندرانی نے خفیہ اطلاع ملنے پر بھاری پولیس نفری کے ہمراہ کامیاب کارروائی کرتے ہوئے پولیس کو سنگین وارداتوں میں مطلوب روپوش ملزم عبدالغنی ولد جلال عرف امیر بخش قوم بگٹی کو گرفتار کرلیا

امن وامان ابتر، کاروباری طبقے کو کروڑوں روپے نقصان کا سامنا ہے، ایوب مریانی

11 جون کو قومی شاہراہوں پر گاڑیاں لاکر بھرپور احتجاج کریں گے، ٹرانسپورٹ، کول مائنز، ایل پی جی ایسوی ایشنز وانجمن تاجران

صوبے میں بدامنی کی لہر نے بزنس کمیونٹی، تاجر برادری، ٹرانسپورٹروں، مال بردار گاڑیوں کے مالکان کو ذہنی کوفت میں مبتلا کردیا، عبدالرحیم کاکڑ

کوئٹہ (آن لائن) ایوان صنعت و تجارت بلوچستان، ٹرانسپورٹ ایسوی ایشن، کول مائنز ایسوی ایشن، انجمن تاجران، ایل پی جی ایسوی ایشن اور دیگر کے رہنماؤں محمد ایوب مریانی، عبدالرحیم کاکڑ، شیخ شاہ عارف، میر دولت لہڑی، حاجی نور محمد شاہوانی، رحیم آغا، سید عبدالقیوم آغا، اورنگزیب کاکڑ ایڈووکیٹ، سعید احمد لہڑی نے بلوچستان میں مال بردار گاڑیوں کو نذر آتش اور ٹائروں کو برسٹ کرنے، زبردستی سامان اتارنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر حکومت نے ہمارے مسائل حل نہ کئے تو 11 جون کو تمام ٹرانسپورٹرا پنی......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

راولپنڈی: عدالت نے 3 مجرمان کو سزائیں سنادیں

راولپنڈی (زاہد احمد خان) راولپنڈی پولیس کی موثر پیروی، اقدام قتل اور ضرر کے مقدمہ میں معزز عدالت نے 3 مجرمان کو سزائیں سنادیں، مجرمان کو مجموعی طور پر 19 سال قید، 45 لاکھ 5 ہزار 268 روپے ارش، 1 لاکھ 60 ہزار روپے ضمان اور 90 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی۔ تفصیلات کے مطابق معزز عدالت نے مجرم وقاص کو اقدام قتل کے جرم میں 3 سال قید اور 30 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، ضرر کے جرائم میں 5 سال قید، 22 لاکھ 52 ہزار 634 روپے ارش اور 80 ہزار روپے ضمان کی سزا سنائی گئی۔ مجرم علی اکبر کو اقدام قتل کے جرم میں 3 سال قید اور 30 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی

جماعت اسلامی کے رہنماؤں سے بی این پی کے وفد کی ملاقات

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی بلوچستان کے صوبائی وضلعی ذمہ داران سے بلوچستان نیشنل پارٹی (بی این پی) کے مرکزی رہنماؤں غلام نبی مری، موسیٰ بلوچ اور جاوید احمد پر مشتمل وفد نے جماعت اسلامی کے صوبائی سیکرٹریٹ میں ملاقات کی۔ ملاقات میں جماعت اسلامی بلوچستان کے نائب امیر ا، زاہد اختر بلوچ، ڈاکٹر عطاء الرحمان، امیر جماعت اسلامی ضلع کوئٹہ عبدالنعیم رند، ضلعی نائب امراء مولانا عبدالحمید منصوری، جمیل احمد مشوانی، صدر جے آئی یوتھ صدر کوئٹہ محمد نسیم سیلاچی، احمد شاہ، روح اللہ سالار اور دیگر ذمہ داران شریک تھے دونوں پارٹیوں رہنماؤں کے درمیان بلوچستان کی مجموعی سیاسی صورتحال، امن وامان، لاقانونیت، بدامنی، بدعنوانی ودیگر مسائل اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

دولت خان پیرعلیزئی فعال سیاسی کارکن تھے، زمرک خان اچکزئی

شہادت نہ صرف اے این پی بلکہ پورے علاقے کیلئے ناقابل تلافی نقصان ہے، مرکزی رہنما

میزئی اڈہ (نامہ نگار) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما و پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے جنگل پیرعلیزئی بازار میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے عوامی نیشنل پارٹی تحصیل قلعہ عبداللہ کے سیکرٹری اطلاعات دولت خان پیرعلیزئی کی شہادت پر گہرے دکھ، افسوس اور شدید غم وغصے کا اظہار کرتے ہوئے اس المناک واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں .... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ بار ایسوسی ایشن کی جانب سے ینگ ڈاکٹرز کے مطالبات کی حمایت

لازمی سروسز کے حوالے سے دفاتر بند کرکے احتجاج کے حق میں نہیں، اورنگزیب کاکڑ

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ بار ایسوسی ایشن کے صدر اورنگ زیب کاکڑ اور جنرل سیکرٹری میر فہد مینگل نے ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کے قانونی مطالبات کی حمایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم بحیثیت قانون دان قانون اور عدالتی فیصلوں پر عمل درآمد کے پابند ہیں اور لازمی سروسز کے حوالے سے دفاتر کو بند کر کے احتجاج کے حق میں نہیں ہم آپ کے کیمپ میں آئیں گے اور......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

خاتون ڈاکٹر پر حملہ پورے معاشرے کے ضمیر پر حملہ ہے، سردار عبدالرحمن کھیتران

عوامی خدمت کے شعبوں سے وابستہ پیشہ ور افراد پر حملے ناقابل برداشت ہیں، صوبائی وزیر

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران نے سول ہسپتال کوئٹہ میں لیڈی ڈاکٹر ماہ نور ناصر پر تیزاب پھینکنے کے افسوسناک واقعے پر دکھ، تشویش اور غم وغصے کا اظہار کرتے ہوئے اس سفاکانہ اور انسانیت سوز فعل کی بھرپور مذمت کی ہے۔ اپنے ایک مذمتی بیان میں صوبائی وزیر نے کہا کہ معاشرے میں خواتین، بالخصوص عوامی خدمت کے شعبوں .... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ سینئر سیاستدان وسابق سینیٹر نوابزادہ وحاجی میر لشکری خان رئیسانی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

گاڑیوں کو نذر آتش کرنے کے واقعات شدت اختیار کرگئے، نیشنل پارٹی

میر غوث بخش بزنجو کے علاقے کے لوگوں کو نقصان پہنچانا افسوسناک عمل ہے، ترجمان

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے جاری بیان میں نال میں فیکٹریوں اور گاڑیوں کو نذر آتش کرنے، قیمتی جانوں کے ضیاع اور متعدد افراد کے زخمی ہونے کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ گزشتہ کچھ عرصے سے بلوچستان کے کاروباری طبقے کی گاڑیوں کو نذر آتش اور املاک کو نقصان پہنچانے کے واقعات شدت اختیار......... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

سول سوسائٹی کا ہسپتال میں تیزاب گردی کیخلاف احتجاجی مظاہرہ

مظاہرین نے ڈاکٹر ماہ نور ناصر کے حق اور واقعہ کے خلاف نعرے بازی کی

کوئٹہ (آن لائن) سول سوسائٹی کی جانب سے گزشتہ روز سول سنڈیمن ہسپتال ڈاکٹر ماہ نور ناصر تیزاب پھینکنے کے خلاف کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا مظاہرین نے پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے جن پر ڈاکٹر ماہ نور ناصر کے حق میں اور واقعہ کے خلاف نعرے درج تھے مظاہرے میں خواتین وکلاء سمیت شہریوں کی بڑی تعداد شریک تھیں مظاہر......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

قومی بچت میں مسلسل کمی معاشی سلامتی کیلئے خطرے کی گھنٹی ہے، محمد عبدالقادر

بنیادی چیلنجز میں قومی بچت کی مسلسل گرتی ہوئی شرح ایک سنگین مسئلہ ہے، سینیٹر

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ پاکستان کی معیشت کو درپیش بنیادی چیلنجوں میں قومی بچت کی مسلسل گرتی ہوئی شرح ایک سنگین مسئلہ بن کر سامنے آئی ہے۔ ہمارا ترقیاتی بجٹ جی ڈی پی کا تقریباً 0.5 فیصد یا نصف فیصد ہے کچھ سال پہلے یہ جی ڈی پی کا 3 فیصد تھا 1992 میں مجموعی قومی......... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، فلاحی تنظیم ٹرسٹ کے زیر اہتمام کاموں کے آغاز کے حوالے سے منعقدہ سیمینار سے مرکزی نائب صدر عدنان خان، عالم خان ودیگر اظہار خیال کر رہے ہیں

بلوچستان اسمبلی قائمہ کمیٹی محکمہ ترقی نسواں کی نشست 10 جون کو طلب

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے جاری کردہ ایک سرکاری اعلامیے کے مطابق، قائمہ کمیٹی برائے محکمہ ترقی نسواں کی نشست بروز بدھ، مورخہ 10 جون 2026 کو بوقت دوپہر 12:00 بجے صوبائی اسمبلی کے کمیٹی روم میں طلب کرلی گئی ہے۔ اسپیشل سیکرٹری (مجالس) عبدالرحمان کی جانب سے جاری کردہ نوٹس نمبر پی اے بی کمیٹیز (04/2024-0039) کے مطابق، اس اہم ترین اجلاس کی صدارت کمیٹی کے چیئرمین فضل قادر مندوخیل کریں گے، جبکہ اجلاس میں محکمہ ترقی نسواں کی جانب سے بلوچستان کے مختلف اضلاع میں خواتین کے لیے "سیف ہومز (Safe Homes)" کی تعمیر سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا جائے گا اور اس بابت کمیٹی کی جانب سے سفارشات مرتب کی جائیں گی

خاتون ڈاکٹر پر تیزاب پھینکنا انسانیت سوز عمل ہے، سردار مسعود خان لونی

ڈاکٹر ماہ نور ناصر، انکے اہل خانہ اور پوری ڈاکٹر برادری کے ساتھ کھڑے ہیں

کوئٹہ (اے این این) پارلیمانی سیکرٹری برائے جنگلات سردار مسعود خان لونی نے سول ہسپتال کوئٹہ میں دوران ڈیوٹی خاتون ڈاکٹر پر تیزاب پھینکنے کے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے انتہائی شرمناک، افسوسناک اور انسانیت سوز اقدام قرار دیا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ اس افسوسناک واقعے پر وہ ڈاکٹر ماہ نور ناصر کے اہل خانہ اور پور......... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

ڈاکٹر ماہ نور ناصر کے علاج پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے، بخت محمد کاکڑ

ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ ان کو علاج کی بہترین سہولیات فراہم کی جائیں

طبی شعبے سے وابستہ افراد اہم معاشرتی ستون ہیں، تحفظ حکومتی ذمہ داری ہے

کوئٹہ (اے این این) وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ تیزاب گردی کا افسوسناک واقعہ پیش آنے کے بعد لیڈی ڈاکٹر ماہ نور ناصر کے علاج ومعالجے پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے اور حکومت بلوچستان ان کی بہترین طبی نگہداشت کو یقینی بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے اپنے ایک بیان میں وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے واقعے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر ماہ نور ناصر صوبے کی ایک قابل، محنتی اور فرض شناس ڈاکٹر ہیں جن کے ساتھ پیش آنے والا واقعہ انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، قبائلی قبائل کے شیر عالم خلجی کی عدم بازیابی کے حوالے سے پریس کلب کے سامنے مظاہرہ کیا جارہا ہے

بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان، عابد بٹ، محکمہ واسا کے چیف انجینئر رمضان اچکزئی، علاؤالدین، صلاح الدین اچکزئی کی والدہ کی وفات پر اظہار تعزیت کر رہے ہیں

قومی دولت لوٹنے والوں کیخلاف سخت ترین کارروائیاں جاری رہیں گی، چیئرمین نیب

عملی اقدامات پر یقین رکھتا ہوں، اب عوام کے ساتھ فراڈ کرنے والوں کی تصویر اب اخبارات میں اشتہار کے ساتھ آئیگی

ادارہ ملکی قوانین میں رہتے ہوئے ہائی پروفائل کیسز کی میرٹ پر تفتیش کررہا ہے، انوسٹی گیشن کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کیا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) قومی احتساب بیورو (نیب) کے چیئرمین لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد بٹ نے کہا ہے کہ احتساب کے میدان میں نیب کا موازنہ دنیا کے کسی دوسرے ادارے سے نہیں کیا جاسکتا۔ چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ نذیر احمد بٹ نے ادارے کی کارکردگی اور عالمی معیار پر گفتگو کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ دنیا کا کوئی بھی احتسابی ادارہ یا اکاؤنٹیبلٹی ایجنسی نیب کے نظام اور کارکردگی کے قریب ترین بھی نہیں ٹھہر سکتی، نیب بدعنوانی کے خلاف جنگ میں ایک بے مثال ادارہ ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ جب بات کرپشن کے خاتمے......... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے عوام جے یو آئی پر مکمل اعتماد رکھتے ہیں، مولانا عبدالرحمن رفیق

جماعت کے عوامی اجتماعات میں عوام کی بھرپور شرکت اس بات کا ثبوت ہے، حاجی عین اللہ شمس

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، مرکزی مجلس فقہی کے سربراہ و ضلعی سرپرست اعلیٰ مفتی محمد روزی خان، حاجی بشیر احمد کاکڑ، مولانا حفیظ اللہ، مولانا محمد سلیمان، حافظ دوست محمد مدنی، مولانا عبدالبصیر، حافظ رشید احمد، حاجی محمد .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، سنی علماء کونسل کے صوبائی صدر مولانا محمد رمضان مینگل ضلعی ذمہ داران کے تنظیمی امور، باہمی تعاون اور مستقبل کے منصوبوں کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سوشل ورکرز کے امتحان میں بدانتظامی کی رپورٹ طلب کرلی، حاجی ولی محمد نورزئی

غفلت برتنے والی ٹیسٹ انتظامیہ کیخلاف قانونی کارروائی کا اصولی فیصلہ کرلیا گیا

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رکن صوبائی اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری برائے سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی نے ژوب ڈویژن لورالائی میں محکمہ سوشل ویلفیئر کے سوشل ورکرز کے تحریری امتحان کے دوران ہونے والی شدید انتظامی بے ضابطگیوں، ناقص انتظامات اور موبائل فونز کے کھلے عام استعمال سے متعلق سوشل میڈیا پر وائرل ہو......... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

سرزمین کے باسیوں نے مسائل کو بحران کا حل کا تلاش کرنا ہے، لشکری رئیسانی

ہر فرد پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اپنے وطن کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے کردار ادا کرے

کوئٹہ (آن لائن) سینئر سیاستدان سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ اس سرزمین کے لوگوں کو صوبے کے اجتماعی بحرانوں کا احساس کرکے شعوری بنیادوں پر وجوہات کے علمی تشخیص اور صوبے کے مسائل کو بحران کا حل کا تلاش کرنا ہوگا تب جاکر سرزمین پر خوشحالی، امن، یکجہتی، محبت اور ترقی آئے گی اس سلسلے میں .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

اسپیکر بلوچستان اسمبلی سے بین الاقوامی ادارے کے وفد کی ملاقات

خواتین اور نوجوانوں کی فلاح وترقی سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال

کوئٹہ (خ ن) اسپیکر بلوچستان اسمبلی، عبدالخالق خان اچکزئی سے United Nations Population Fund کی ڈپٹی نمائندہ ڈاکٹر گلنارا کادیر کولووا اور پروگرام کوآرڈینیٹر سعدیہ عطاء نے ملاقات کی۔ ملاقات میں سیکرٹری پاپولیشن ظفر علی بلیدی بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران بلوچستان کو درپیش مختلف سماجی وترقیاتی چیلنجز، خصوصاً دور......... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

ینگ ڈاکٹرز کی ہڑتال، مریضوں کو شدید مشکلات، سماجی حلقوں، تنظیموں کی مذمت

دور افتادہ علاقوں سے گھنٹوں سفر کرکے سرکاری اسپتالوں کا رخ کرنیوالوں کو ہڑتال کے باعث مایوسی ہونا پڑا

اپنے مطالبات کیلئے مریضوں کو مشکلات میں مبتلا کرنا مناسب عمل نہیں، ڈاکٹرز کی ہڑتال ختم کرائی جائے، شہری

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں ینگ ڈاکٹرز کی جانب سے جاری ہڑتال کے باعث صوبے کے مختلف اضلاع اور دور دراز علاقوں سے علاج کی غرض سے آنے والے مریض شدید مشکلات کا شکار ہوگئے ہیں۔ سرکاری اسپتالوں میں او پی ڈیز کی بندش اور طبی خدمات کے متاثر ہونے کے باعث سینکڑوں مریض اور ان کے اہل خانہ پریشانی اور بے بسی کی تصویر بن گئے ہیں۔ عوامی حلقوں، سماجی تنظیموں، قبائلی عمائدین اور شہری نمائندوں نے ینگ ڈاکٹرز کی جانب سے جاری احتجاج اور ہڑتال کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اپنے مطالبات کے......... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، پشتونخوامیپ کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال سے ڈاکٹر یاسرخان اچکزئی کی قیادت میں ملاقات کر رہے ہیں

پشتون وطن کے وسائل کے وارث و مالک صرف پشتون ہیں، خوشحال کاکڑ

پشتون اپنے وطن کے قدرتی وسائل، معدنی ذخائر، پانی، زمین اور دیگر قومی دولت کے وارث و مالک ہیں، چیئرمین پی کے نیپ

جب تک پشتون قوم کو اپنے وسائل پر اختیار اور اپنے فیصلے خود کرنے کا حق نہیں دیا جاتا تب تک استحکام کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا

خانوزئی (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین خوشحال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ پشتون اپنے وطن کے قدرتی وسائل، معدنی ذخائر، پانی، زمین اور دیگر قومی دولت کے اصل وارث ہیں، لیکن بدقسمتی سے آج بھی انہیں اپنے وسائل اور قومی معاملات پر مکمل اختیار حاصل نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی پشتون قوم کے سیاسی، معاشی، ثقافتی اور قومی حقوق کے تحفظ، وسائل پر عوامی اختیار اور حقیقی جمہوری حکمرانی کے قیام کے لیے مسلسل جدوجہد کررہی ہے اور یہ جدوجہد اپنے منطقی اور کامیاب انجام تک جاری رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ پشتون وطن میں پسماندگی، بے روزگاری، بدامنی، تعلیمی زبوں حالی، صحت کی ناکافی سہولیات اور معاشی مشکلات کی بنیادی وجہ......... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، کمشنر ڈویژن شاہزیب کاکڑ محرم الحرام کے سلسلے میں سیکورٹی اور دیگر انتظامات کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چیئرمین اے پی این ایس خیبر پختونخوا کمیٹی پیر ہارون شاہ کی قیادت میں وفد سیکرٹری اطلاعات مطیع اللہ خان سے ملاقات کر رہا ہے

ازبکستان کے ساتھ تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، عطاء تارڑ

ازبکستان کے سفیر کی ملاقات فلم اور ثقافتی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ سے ازبکستان کے سفیر علی شیر تختییف کی ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں دونوں ممالک کے درمیان فلم سازی کے شعبے میں تعاون بڑھانے سمیت میڈیا، فلم اور ثقافتی تعاون کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ازبکستان کے سفیر نے خطے میں امن کے قیام اور اسلام آباد امن مذاکرات .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

مرکزی انجمن تاجران بلوچستان رجسٹرڈ کا 10 جون کی ہڑتال کی حمایت کا اعلان

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کا مرکزی وفد کا انجمن تاجران بلوچستان رجسٹرڈ سے ملاقات بلوچستان نیشنل پارٹی کا مرکزی وفد مرکزی لیبر سیکرٹری موسیٰ بلوچ کے قیادت میں جس میں مرکزی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر غلام نبی مری چیئرمین جاوید بلوچ بی این پی کوئٹہ کے ضلعی آرگنائزر، حاجی وحید لہڑی ڈپٹی آرگنائزر ڈاکٹر جاوید بلوچ کمیٹی ممبر میر واجس مینگل اور سابقہ ضلعی کونسلر صدام مشوانی نے انجمن تاجران بلوچستان رجسٹرڈ کے دفتر میں صدر رحیم آغا جنرل سیکرٹری ولی افغان ترین سید نائب صدر سید حیدر آغا سریاب زون کے صدر ملک محمد حسن شاہوانی قندھاری بازار کے صدر اور لیس آغا حاجی داود خلجی ایگزیکٹو چیئرمین ودیگر عہدیداروں سے ملاقات۔

ایم ایس سول ہسپتال کوئٹہ کی کارکردگی قابل تعریف ہے، صلاح الدین کبزئی

بعض عناصر ذاتی مفادات کیلئے ایم ایس کیخلاف پروپیگنڈہ کررہے ہیں، رہنما ن لیگ

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی رہنما صلاح الدین کبزئی نے کہا ہے کہ ایم ایس سول ہسپتال کوئٹہ ڈاکٹر ہادی کاکڑ کی کارکردگی کی تعریف کرتے ہوئے کہا ہے کہ جب سے موصوف نے اپنے عہدے کا چارج سنبھالا ہے ہسپتال میں مریضوں کو صحت کی تمام سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے بعض عناصر اپنے ذاتی مفادات کے حصول کیلئے ایم ایس سول ہسپتال کے خلاف پروپیگنڈوں میں مصروف ہیں جنہیں ناکامی کے سوا کچھ .... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی حکومت قیام امن میں مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہے، جمعیت نظریاتی

صوبہ کے بین الاقوامی اور قومی شاہراہوں پر لوٹ مار اور بڑھتی ہوئی قتل وغارت گری قیام امن کے حکومتی دعوؤں کی قلعی کھولتی ہے

ارباب اختیار اور قانون نافذ کرنیوالے ادارے بدامنی کے مسئلے کو سنجیدگی سے نہیں لے رہے، مولانا لونی، مفتی شفیع، عبدالستار چشتی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی حاجی حیات اللہ کاکڑ اور دیگر نے صوبہ کے بین الاقوامی شاہراہوں پر لوٹ مار مسافر گاڑیوں کو لوٹنے بالخصوص پشتون بیلٹ کوئٹہ قلعہ عبداللہ چمن پشین لورالائی ژوب ودیگر علاقوں میں بڑھتی واقعات قتل وغارتگری چندنوں میں پانچ درجن سے زیادہ قیمتی جانوں کے ضیاع اور درجنوں افراد کے قتل پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس دلخراش سانحات نے صوبہ......... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

سرکاری ہسپتالوں میں سہولیات کا نہ ہونا لمحہ فکریہ ہے، مولانا ہدایت الرحمن

وزراء ، بیوروکریسی کے بچوں کیلئے سرکاری اداروں میں داخلہ اور ہسپتالوں میں علاج لازمی قرار دیا جائے، ایم پی اے

دور دراز علاقوں میں معیاری صحت کی سہولیات کی فراہمی عوام کا بنیادی حق ہے، صوبائی امیر جماعت اسلامی

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان نے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں میں غریب عوام کیلئے علاج کی سہولیات کا نہ ہونا لمحہ فکریہ ہے سرکاری ہسپتالوں وتعلیمی اداروں کی حالت بدلنے کیلئے وزراء، بیوروکریسی کے بچوں کو سرکاری تعلیمی اداروں میں تعلیم اور علاج کا پابند کیا جائے اپنے علاقے میں مثبت انقلابی تبدیلی برادا......... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

مستونگ: نامعلوم ملزمان کی آئل ٹینکر پر فائرنگ سے ٹائر برسٹ

کوئٹہ (آن لائن) مستونگ میں نامعلوم ملزمان نے آئل ٹینکر پر فائرنگ کرکے اس کے ٹائر برسٹ کردیے پولیس کے مطابق گزشتہ شب مستونگ کے علاقے کوڑہ میں نامعلوم ملزمان نے آئل ٹینکر پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں ٹائر پھٹ گئے ملزمان فرار ہوگئے مزید کارروائی مستونگ پولیس کررہی ہے۔

مستونگ کے علاقے سے علی نواز کی نعش برآمد

کوئٹہ (آن لائن) مستونگ کے علاقے سے ایک نامعلوم شخص کی نعش برآمد ہوئی جس کو ہسپتال منتقل کردیا گیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز مستونگ کے علاقے درینگڑھ سے ایک شخص کی نعش ملی جس کو ہسپتال منتقل کردیا گیا جس کی شناخت علی نواز کے نام سے کی گئی۔ نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی

سانحہ سول ہسپتال بزدلانہ فعل ہے، پی ٹی آئی

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما، محمد رحیم کاکڑ، جمیل بوستان، ایڈووکیٹ میر واکس، احمد شاہ ایڈووکیٹ، عمر فاروق ایڈووکیٹ، عبداللہ ایڈووکیٹ، سردار بہلول خان ایڈووکیٹ و دیگر نے بیان میں سول ہسپتال کوئٹہ میں لیڈی ڈاکٹر پر تیزاب پھینکنے کے واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ انتہائی بزدلانہ، غیرانسانی فعل ہے ایسے واقعات ہماری بہنوں اور بیٹیوں کے حوصلے پست نہیں کرسکتے۔ بلوچستان کی خواتین تعلیم، تحقیق اور قومی ترقی میں اپنا کردار ادا کرتی رہیں گی

بی این پی کے شٹرڈاؤن کی حمایت کرتے ہیں، نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ

تاجر برادری، باشعور عوام اور سیاسی کارکن جمہوری احتجاج کو کامیاب بنائیں، احمد جان خان

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ نے بلوچستان نیشنل پارٹی کی اپیل پر صوبہ بھر میں 10 جون کو شٹرڈاؤن ہڑتال کی حمایت کرتے ہوئے تمام تاجروں، دکانداروں، عوام اور سیاسی کارکنوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اس جمہوری احتجاج کو کامیاب بناکر خضدار کے زہری میں سیاسی رہنماؤں وکارکنوں کو شہید وزخمی کرنے کے خلاف آواز بلند کریں اس سلسلے میں بلوچستان نیشنل پارٹی کے نمائندہ وفد غلام نبی مری، میر مقبول لہڑی، چیئرمین جاوید بلوچ اور میر حاجی عبدالغفور مینگل نے نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ کے صوبائی صدر احمد جان خا......... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

احتجاج کیس، علیمہ خان کی 2 گواہان کی دوبارہ طلبی کی درخواست منظور

تفتیشی اور این سی آئی اے کے آفیسر کو دوبارہ جرح کے لئے طلبی کے سمن جاری

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت نے علیمہ خان کی 2 گواہان کی دوبارہ طلبی کی درخواست منظور کرلی ہے۔ پیر کو انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت میں جج امجد علی شاہ نے علیمہ خان کی 26 نومبر احتجاج کیس میں 2 گواہان دوبارہ طلب کرنے کی درخواست پر سماعت کی۔ عدالت نے درخواست منظور کرتے ہوئے 2 اہم گواہان پہلے تفتیشی آفیسر رابعہ افتخار اور این سی آئی اے کے آفیسر نادر کو دوبارہ جرح......... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان ریلوے کا مزید 15 ٹرینیں آؤٹ سورس کرنے کا فیصلہ

ریل گاڑیوں کی نیلامی 16 جون کو ریلوے ہیڈکوارٹر میں کی جائے گی

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان ریلویز نے مزید 15 ٹرینیں آؤٹ سورس کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس حوالے سے باقاعدہ اشتہار بھی جاری کردیا گیا۔ لاہور ٹرینوں کی نیلامی 16 جون کو ریلوے ہیڈکوارٹر میں کی جائے گی جہاں اوپن بولی کے ذریعے عمل مکمل کیا جائے گا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ٹرینوں کی نیلامی میں حصہ لینے کے لیے بعض نجی کمپنیوں کو اہل قرار دیا گیا ہے، جن ٹرینوں کو پرائیویٹ سیکٹر کے تعاون سے چلانے کا فیصلہ کیا گیا ہے ان میں ہزارہ ایکسپریس، عوام ایکسپریس، قراقرم ایکسپریس، کراچی ایکسپریس، ملت ایکسپریس،......... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

شوہر کو قتل کرنے والی خاتون کی عمر قید کی سزا 14 سال قید میں تبدیل

عموماً شوہر بیوی کو قتل کرتا ہے، یہ پہلا کیس دیکھا ہے، جس میں بیوی نے شوہر کو قتل کیا، جسٹس ہاشم کاکڑ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ آف پاکستان نے میکے سے پیسے منگوانے اور تشدد کرنے پر شوہر کو قتل کرنے والی خاتون کی عمر قید کی سزا 14 سال قید میں تبدیل کردی۔ سپریم کورٹ کے جسٹس ہاشم کاکڑ کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے قتل کیس کی سماعت کی۔ عدالت میں سماعت کے دوران وکیل صفائی نے کہا کہ بیروزگار شوہر بیوی پر تشدد کرتا تھا اور میکے سے پیسے مانگنے پر مجبور کرتا تھا، مجرمہ کے 4 بچے تھے، مجرمہ کی والدہ عموماً مالی مدد کردیتی تھیں، آخری بار .... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

بزدلانہ حرکتوں سے حوصلے پست نہیں ہوں گے، ڈاکٹر طاہر موسیٰ خیل

ڈاکٹر شازیہ کی ذاتی معلومات سوشل میڈیا پر لیک کرنا قابل مذمت ہے، ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن

کوئٹہ (این این آئی) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کے رہنما ڈاکٹر طاہر موسیٰ خیل نے کہا ہے کہ ڈاکٹر شازیہ کی نجی اور ذاتی معلومات کو سوشل میڈیا پر بدنیتی سے لیک کرنے کے شرمناک اور غیر قانونی عمل کی ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن شدید الفاظ میں مذمت کرتی ہے اس طرح کے اوچھے ہتھکنڈے نہ صرف ایک خاتون ڈاکٹر کی عزت نفس پر حملہ ہے بلکہ آزادی اظہار اور احتجاج کے آئینی حق کو دبانے کی مذموم کوشش بھی ہے۔ یہاں جاری ہونے والے......... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

سرکاری ملازمین کیلئے ریلیف کا اعلان کیا جائے، یونائیٹڈ ایجوکیشن ایمپلائز

وفاقی حکومت ملازمین کی تنخواہوں اور پنشنز میں خاطر خواہ اضافہ کرے، محمد عمر جتک

کوئٹہ (این این آئی) آل پاکستان یونائیٹڈ ایجوکیشن ایمپلائز فیڈریشن بلوچستان کے صدر محمد عمر جتک، جمعہ خان شار، محمد یعقوب شاہ جہاں خیرالدین کاکڑ، ایم اسماعیل لہڑی، عبدالحیات اور دیگر نے بیان میں وفاقی بجٹ میں سرکاری ملازمین، محنت کشوں اور پنشنرز کیلئے ریلیف پیکیج کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہوشربا مہنگائی، بجلی، گیس اور اشیائے خورونوش کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے متوسط اور کم آمدنی والے طبقے کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، سرکاری ملازمین کی تنخواہیں اور پنشن موجودہ معاشی حالات کے مقابلے میں انتہائی ناکافی ہوچکی......... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

این ایف سی میں کٹ لگایا گیا تو اپنے حق کا دفاع کرینگے، پنجاب حکومت

100 بڑے پروگرام چل رہے ہیں، ہمیں وسائل چاہئیں، این ایف سی میں صوبوں کا حق کم ہوگا تو دیکھیں گے

پنجاب میں صنعتوں کیلئے بہت بڑا چیلنج بنا رہے ہیں، تین سال کے دوران اربوں روپے خرچ ہونگے، وزیر خزانہ

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمان نے کہا ہے کہ این ایف سی میں پنجاب اپنا حق نہیں چھوڑیگا، این ایف سی میں کٹ لگیگا تو اپنے حق کا دفاع کریں گے۔ لاہور میں پری بجٹ راؤنڈ ٹیبل کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمان نے کہا کہ پنجاب اپنے 100 بڑے پروگرام چلا رہا ہے، ہمیں وسائل چاہئیں، این ایف سی میں صوبوں کا حق کم ہوگا تو دیکھیں گے، صوبہ اپنے وسائل کسی طرح نہیں دے سکتا۔ وزیر خزانہ پنجاب کا کہنا تھا کہ پنجاب حکومت دن رات کام کررہی ہے، ایسا ادارہ بنانے جارہے ہیں جہاں ایک ہی چھت تلے تمام ٹیکس لے جائیں گے، زراعت اور صنعت کو فروغ دینے کے لیے کام کررہے ہیں، صنعتوں کے لیے بہت بڑا چیلنج بنا رہے ہیں، .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، چیف آف سراوان نواب اسلم رئیسانی سے لوگ ملاقات کر رہے ہیں

تیزاب گردی کے واقعے نے معاشرے کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا، واجہ اسد بلوچ

کسی بھی مہذب، باشعور اور انسانی اقدار پر قائم معاشرے میں اس قسم کے گھناؤنے جرم کی کوئی گنجائش نہیں، مرکزی صدر بی این پی (عوامی)

ڈاکٹر ماہ نور پر تیزاب پھینکنے کا واقعہ محض ایک فرد پر نہیں بلکہ انسانیت اور سماجی وقار پر حملہ ہے، مذمتی بیان

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بی این پی عوامی کے مرکزی صدر راجی راہشون واجہ میر اسد اللہ بلوچ نے ڈاکٹر ماہ نور پر ہونے والے تیزاب گردی کے افسوسناک اور انسانیت سوز واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس دل دہلا دینے والے سانحے نے نہ صرف مسیحائی کردار ادا کرنے والے برادری بلکہ پورے معاشرے کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا ہے کسی بھی مہذب، باشعور اور انسانی اقدار پر قائم معاشرے میں اس قسم کے گھناؤنے جرم کی کوئی گنجائش نہیں ہوسکتی۔ راجی راہشون واجہ میر اسد اللہ بلوچ نے کہا کہ ڈاکٹر ماہ نور پر تیزاب پھینکنے کا واقعہ محض ایک......... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر